Daily PUBLIC KARACHI

روزنامہ پبلک کراچی

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جلد 12 | منگل 10 نومبر 2026ء، 28 جمادی الاول 1448ھ، صفحات 4 قیمت 20 روپے | شمارہ 230

دوبارہ جنگ شروع کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ ایران کے ساتھ ہونے والے ممکنہ معاہدے سے جڑا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ایران ایک مضبوط معاہدے پر دستخط کرتا ہے تو صورت حال مختلف ہوگی

ایران کیساتھ جنگ دوبارہ شروع ہونے کا امکان انتہائی کم ہے، ٹرمپ

ایران کے خلاف پہلے ہی انتہائی سخت فوجی کارروائی کی جاچکی ہے، امریکا نے ایران کو بہت زیادہ نقصان پہنچایا ہے، امریکی صدر کا امریکی ٹی وی چینل سی این این کو انٹرویو

ایران کے ساتھ دوبارہ لڑائی شروع ہونے کا امکان بہت کم ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر ضرورت پڑی تو وہ دوبارہ کارروائی کرسکتے ہیں، لیکن اس وقت صورت حال مختلف ہے

واشنگٹن (سی این پی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے ساتھ دوبارہ جنگ شروع ہونے کے امکان کو انتہائی کم قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ وہ فوجی کارروائی دوبارہ شروع کرنے کے بجائے ایک مضبوط معاہدے کو ترجیح دیں گے۔ تاہم انہوں نے خبردار کیا کہ آئندہ کا فیصلہ اس بات پر منحصر ہوگا کہ آیا ایران امریکا کے ساتھ ایک مضبوط معاہدے پر دستخط کرتا ہے یا نہیں۔ خبر رساں ادارے اے ایف پی کے مطابق ٹرمپ نے امریکی ٹی وی چینل سی این این کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ ایران کے ساتھ دوبارہ لڑائی شروع ہونے کا امکان بہت کم ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر ضرورت پڑی تو وہ دوبارہ کارروائی کرسکتے ہیں، لیکن اس وقت صورت حال مختلف ہے۔ ٹرمپ نے کہا کہ ایران کے خلاف پہلے ہی انتہائی سخت فوجی کارروائی کی جاچکی ہے۔ ان کے بقول، امریکا نے ایران کو بہت زیادہ نقصان پہنچایا ہے اور اس کارروائی کی شدت کا اندازہ لگانا آسان نہیں۔ امریکی صدر نے واضح کیا کہ دوبارہ جنگ شروع کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ ایران کے ساتھ ہونے والے ممکنہ معاہدے سے جڑا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ایران ایک مضبوط معاہدے پر دستخط کرتا ہے تو (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی دہشت گردی کے مکمل خاتمے کارروائیاں پوری قوت سے جاری رہیں گی

مزید ترقی اور خوشحالی کا سفر تیز کیا جائے، شہباز شریف

صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے شمالی وزیرستان میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین ، وزیراعظم شہباز شریف کی پنجاب میں ضمنی انتخاب میں کامیابی پر مسلم لیگ (ن) کے امیدوار راشد بشیر ورک کو مبارکباد



گورنر سندھ سید نہال ہاشمی افتتاح کررہے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے شمالی وزیرستان کے علاقے میر علی کے نواحی گاں موزک میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی اور پیشہ ورانہ مہارت کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردوں کی جانب سے مساجد کو دھماکہ خیز مواد کا ذخیرہ کرنے اور تشدد کے مراکز کے طور پر استعمال کرنا اسلام اور مقدس مقامات کی سریح بے حرمتی ہے۔ جاری بیان میں وزیراعظم نے کہا کہ بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتن الخوارج کا مساجد جیسے مقدس مقامات کو دہشت گردی کے لیے استعمال کرنا، ان کے اسلام کی بنیادی تعلیمات سے انحراف کا واضح ثبوت ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے کارروائیاں پوری قوت سے جاری رہیں گی۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پنجاب میں ضمنی انتخاب میں مسلم لیگ (ن) کے امیدوار راشد بشیر ورک کی کامیابی پر انہیں دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ میں اس کامیابی پر قائد محمد نواز شریف اور وزیراعلیٰ مریم نواز کو بھی اس کامیابی پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ وزیراعظم نے کہا (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

علامہ اقبال کی فکر نوجوان نسل کیلئے مشعل راہ ہے، ملک احمد خان

علامہ اقبال کا فلسفہ خودی، خودداری اور قومی اتحاد آج بھی پاکستان کے لیے مشعل راہ ہے

قبال کی فکر اور شاعری نوجوان نسل کے لیے علم، خود اعتمادی، خود انحصاری اور مسلسل جدوجہد کا پیغام ہے، قائم مقام گورنر پنجاب



کراچی، اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا سندھ اسمبلی آمد کے موقع پر اویس قادر شاہ استقبال کررہے ہیں

لاہور (نمائندہ خصوصی) قائم مقام گورنر پنجاب ملک محمد احمد خان نے یوم اقبال کے موقع پر مزار اقبال پر حاضری دی، پھول رکھے اور فاتحہ خوانی کی۔ انہوں نے شاعر مشرق ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ملک و قوم کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے دعا کی۔ اس موقع پر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ علامہ اقبال کا فلسفہ خودی، خودداری اور قومی اتحاد آج بھی پاکستان کے لیے مشعل راہ ہے۔ اقبال کی فکر اور شاعری پاکستان کو درپیش سیاسی، معاشی اور سماجی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے رہنمائی فراہم کرتی ہے۔ علامہ اقبال نے اپنی شاعری کے ذریعے برصغیر (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

شاعر مشرق کی فکری خدمات کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا، مریم نواز

علامہ اقبال کے افکار پر عمل پیرا ہو کر آزاد، منصفانہ اور عادلانہ معاشی و سماجی نظام قائم کرنا وقت کی ضرورت ہے، وزیراعلیٰ پنجاب کا پیغام

ہومرا کام غریبوں کی حمایت کرنا، علامہ اقبال نے اپنی شاعری سے برصغیر کے مسلمانوں کو آزادی کا شعور دیا، نوجوان نسل کو فکر اقبال سے روشناس کرانا بے حد ضروری ہے

لاہور (نمائندہ خصوصی)۔ ہومرا کام غریبوں کی حمایت کرنا۔۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے شاعر مشرق، مصور پاکستان علامہ محمد اقبال کے یوم پیدائش پر خصوصی پیغام میں کہا کہ قیام پاکستان کیلئے شاعر مشرق کی فکری خدمات کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ یوم اقبال پر تعلیم مفکر اور شاعر علامہ اقبال کی فکر و بصیرت کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ علامہ اقبال نے اپنی شاعری سے برصغیر کے مسلمانوں کو آزادی کا شعور دیا، نسل نو کے لئے شاعر مشرق کا پیغام خودی اور بیداری ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ نوجوان نسل کو فکر اقبال سے روشناس کرانا بے حد ضروری ہے۔ کلام اقبال (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

پراپرٹی ٹیکس اور ٹوکن ٹیکس پر رعایتی پیریڈ ختم

42 ارب 99 کروڑ کی ریکوری، گزشتہ سال سے 10 ارب 55 کروڑ روپے اضافی وصول کئے گئے

ڈیفالٹرز کے خلاف سخت کارروائیوں کی ہدایت کردی گئی ہے، ڈائریکٹرز اور ای ڈی اوز کو ریکوری ہدف کے حصول کیلئے فیلڈ میں رہنے کا حکم دیا گیا ہے

لاہور (سٹی رپورٹر) پراپرٹی ٹیکس اور ٹوکن ٹیکس پر رعایتی پیریڈ ختم ہوگئی۔ محکمہ ایکسائز نے مالی سال کے پہلے 4 ماہ میں ریونیو ریکوری کرلی ہے۔ مالی سال کے پہلے 4 ماہ میں پراپرٹی ٹیکس، ایکسائز ڈیوٹی کی مد میں 42 ارب 99 کروڑ کی ریکوری مکمل کی گئی ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ سال سے 10 ارب 55 کروڑ روپے اضافی وصول ہوئے ہیں۔ حکومت نے رواں سال 125 ارب کا ہدف دیا تھا، جس میں سے ایکسائز نے 34 فیصد حاصل کیا۔ رواں سال موٹر وہیکل ٹیکس کی مد میں 21 ارب 9 کروڑ روپے وصول ہوئے جبکہ ایکسائز ڈیوٹی کی مد میں 1 ارب 46 کروڑ روپے اکٹھے ہوئے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

خیبر پختونخوا کو خوشحال اور ترقی یافتہ صوبہ بنانا چاہتے ہیں، گورنر

ہمیں ایسے تعلیمی ادارے بنانے ہیں جو نوجوانوں کو بااختیار بنائیں، خیبر پختونخوا کی بیٹیاں ہر میدان میں قیادت کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں، گورنر خیبر پختونخوا

جوانو جوانوں کو بااختیار بنائیں اور ان کی زندگیوں میں حقیقی تبدیلی لائیں۔ خیبر پختونخوا کی بیٹیاں ہر میدان میں قیادت کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں

پشاور (نمائندہ خصوصی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے مزار اقبال پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ مزار اقبال پر اپنی اور خیبر پختونخوا کے عوام کی جانب سے حاضری دی ہے، ماضی میں جب بھی وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا لاہور آتے تھے تو اپنے ساتھ انتظار لے کر آتے تھے، تاہم آج پنجاب کی کابینہ نے ہمارا پرتپاک استقبال کیا ہے۔ گورنر نے کہا کہ ہم نے تعاون اور باہمی رابطوں کی پالیسی اپنائی ہے، موسمی سیاحت کے فروغ کے لیے اقدامات کررہے ہیں جبکہ خیبر پختونخوا میں امن و امان کی صورتحال بھی بہتر ہورہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کو خوشحال اور ترقی یافتہ صوبہ بنانا چاہتے ہیں، پنشاور کو دوبارہ پھولوں کا شہر بنائیں گے۔ وزیراعظم کی جانب سے خیبر پختونخوا کے لیے خصوصی پیکج دینے پر شکرگزار ہیں۔ گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ صوبے میں پائیدار امن کا قیام ہماری اولین ترجیح (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)



صدر لاہور پریس کلب ارشد انصاف تین روزہ کتاب میلے کے افتتاح کے بعد سٹالز کا معائنہ کررہے ہیں

برنس روڈ کے یکنوں کی فوڈ اسٹریٹ کے خلاف قانونی جنگ کی تیاری

دوبارہ شاہراہ بند کرکے فوڈ اسٹریٹ بنانا توہین عدالت ہوگا، قانونی ماہرین

کراچی (نمائندہ خصوصی) برنس روڈ کے یکنوں نے علاقے کو دوبارہ فوڈ اسٹریٹ میں تبدیل کرنے کی کوششوں کے خلاف قانونی جنگ لڑنے کی تیاری شروع کردی ہے، جبکہ بڑے پیمانے پر عوامی احتجاج کرنے کا منصوبہ بھی دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق برنس روڈ پر فوڈ اسٹریٹ کے قیام کے نام پر شاہراہ ایلیاقت اور برنس روڈ پر ٹریفک کی بندش اور گلیوں کو آمدورفت کے لیے محدود کرنے کے خلاف علاقے کے یکنوں نے 1029/2021 اور دائر کی تھیں۔ یکنوں کے مطابق سندھ ہائی کورٹ ان درخواستوں پر واضح فیصلہ دے چکی ہے کہ برنس روڈ سمیت سندھ بھر میں کسی بھی شاہراہ، گلی یا پلاٹ پر ٹریفک اور عوام کی آمدورفت کے لیے بند نہیں کیا جاسکتا اور نہ ہی انہیں کاروباری مقاصد کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ یکنوں کا کہنا ہے کہ اب ایک بار پھر برنس روڈ کو فوڈ اسٹریٹ میں تبدیل کرنے کی تیاریاں کی جارہی ہیں، جسے کسی صورت (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

پیس کالج میں جونیئر سی ای او چیلنج 2026 کا کراچی گرینڈ فائنل منعقد

ملک بھر سے 3 ہزار سے زائد نوجوانوں کی شرکت، مومن خواجہ نے پہلی پوزیشن حاصل کرلی

کراچی (نمائندہ خصوصی) پاکستان کے پہلے انٹرپرینیورشپ کالج، پیس کالج آف ایڈوانسڈ اسٹڈیز نے ایک مقامی ہوٹل میں جونیئر سی ای او چیلنج 2026 کے چھٹے سیزن کے ساؤتھ ریجن گرینڈ فائنل کی میزبانی کی۔ گلوبل انٹرپرینیورشپ ویٹ ورک اور وزیراعظم یوتھ پروگرام کے اشتراک سے منعقدہ اس تقریب کو محکمہ امور نوجوانان، حکومت سندھ کا تعاون حاصل تھا۔ پیس کالج کے بانیان عدیل درویش، وزیر احمد اور سید نقیب کی قیادت میں منعقد ہونے والے اس مقابلے میں ملک بھر سے 3 ہزار سے زائد نوجوان اختراع کاروں نے حصہ لیا۔ پروگرام کا مقصد طلبہ میں کاروباری سوچ اور صلاحیتوں کو فروغ دینا اور ان کے تخلیقی خیالات کو عملی شکل دینے کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ اس سلسلے میں پیس کالج کے تحت قائم کالج سطح کے پہلے انکیوبیشن سینٹر (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)



گورنر فیصل کریم کنڈی پشاور ائیر پورٹ پر ساؤتھ ائیر ویز کی فضائی سروس باضابطہ افتتاح کررہے ہیں

دہشتگردوں کیخلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیاں قابل تحسین ہیں، سینیٹر ثمینہ

مستونگ زیارت اور بھنچپائی میں سیکیورٹی فورسز نے دہشتگردوں کا قلع قمع کردیا، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

دہشت گردوں کا خاتمہ اور بھاری مقدار میں اسلحہ و بارود کی برآمدگی سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، جرات اور مؤثر حکمت عملی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) پیپلز پارٹی سینیٹر فائزہ نگہت برائے انسانی حقوق سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے بلوچستان کے مختلف علاقوں مستونگ، زیارت اور بھنچپائی اور دیگر علاقوں میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں کے دوران اہم کمانڈر رحمیت 30 سے زائد دہشت گردوں کو ہلاک کرنے اور بھاری مقدار میں اسلحہ و بارود برآمد کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے مبارکباد دی ہے۔ اپنے ایک بیان میں سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے بروقت، موثر اور جرات مندانہ کارروائیوں کے ذریعے دہشت گردوں کے منصوبوں کو ناکام بنا کر ایک بار پھر ثابت کیا ہے کہ وطن عزیز کے دفاع، امن و استحکام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ہماری بہادر افواج اور سیکیورٹی ادارے ہر محاذ پر پوری قوت کے ساتھ سرگرم عمل ہیں۔ دشمن چاہے سرحد پار سے ہوں یا اندرونی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)



صوبائی وزیر منشاء اللہ بٹ اور چوہدری فیصل اکرم یوم اقبال کا کیک کاٹ رہے ہیں

نئی این ٹی سی کا قلات سنگداس چیک پوسٹ پر بھتہ وصولی ختم کرنے کا مطالبہ

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سنگداس چیک پوسٹ پر بھی بھتہ وصولی کیخلاف اپنے حکم پر عملدرآمد کرائیں، مرکزی رہنما بی این پی

وزیراعلیٰ بلوچستان کے احکامات کے باوجود سنگداس چیک پوسٹ پر مبینہ بھتہ وصولی جاری رہنا باعث تشویش ہے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور معروف قبائلی شخصیت میر عبدالرحیم جنگ نے قلات کے علاقے سنگداس چیک پوسٹ پر مبینہ بھتہ وصولی کے مسلسل برقرار تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ چیک پوسٹ پر آنے جانے والے مسافروں، ڈرائیورز اور چھوٹی گاڑیوں کے مالکان سے مبینہ طور پر زبردستی رقم وصول کرنے کی شکایات انتہائی قابل تشویش ہیں۔ اس عمل سے نہ صرف عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے بلکہ بلوچستان کی اہم شاہراہوں پر سفر کرنے والے شہریوں میں بھی بے چینی پائی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے سوبے بھر میں بھتہ وصولی کے خاتمے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے واضح احکامات جاری کیے گئے ہیں، لیکن اس کے باوجود سنگداس پولیس چیک پوسٹ پر مبینہ طور پر بھتہ وصولی کی شکایات سامنے آنا (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

اقبال اور سید مودودی کی فکر میں گہری مماثلت ہے، حافظ نعیم الرحمن

فکر اقبال کو قومی پالیسی کا حصہ بنا کر ملک کو مشکلات سے نکالا جائے

امیر جماعت اسلامی پاکستان کا شاعر مشرق کے یوم پیدائش پر پیغام

لاہور (نمائندہ خصوصی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ علامہ محمد اقبال کی شاعری اور افکار نے برصغیر کے مسلمانوں میں بیداری، خودی اور آزادی کا جذبہ پیدا کیا اور نوجوانوں کو ایک روشن مستقبل کی جدوجہد کا راستہ دکھایا۔ علامہ اقبال کے 149 ویں یوم پیدائش کے موقع پر اپنے پیغام میں حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ اقبال کی شاعری نے برصغیر کی معاشرت پر گہرے اثرات مرتب کیے اور ان کے افکار نے دور صرف برصغیر بلکہ پوری دنیا میں گہرے نقوش چھوڑے۔ اقبال نے خودی کا تصور پیش کیا اور مسلمانوں کو اپنی الگ شناخت، تشخص اور آزاد اور حیثیت کا شعور دیا۔ انہوں نے کہا کہ کلام اقبال نے ملت میں خودی کا جذبہ پیدا کیا اور مسلمانوں کو غلامانہ سوچ سے نکل کر خود اعتمادی اور آزادی کے ساتھ زندگی گزارنے کا درس دیا۔ علامہ اقبال کی شاعری میں آزادی، مساوات، خودداری اور باعزت زندگی گزارنے کا پیغام نمایاں ہے۔ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

پنجاب بھر میں 1403 ٹریفک حادثات میں 12 افراد جاں بحق، 1647 زخمی

لاہور (نمائندہ خصوصی) ایمرجنسی سروسز ریسپانڈنٹ نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1403 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 797 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر ڈویژنل ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 850 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

ڈیفنس میں دو گاڑیوں کے درمیان خوفناک تصادم، 5 افراد زخمی

زخمیوں کو جناح اسپتال منتقل کردیا گیا، تین کی شناخت بافرم اکرم اور اجمل کے نام سے ہوئی، تمام کی حالت خطرے سے باہر ہے

کراچی (نمائندہ خصوصی) ڈیفنس فیز 6 میں خیابان محافظ سگنل کے قریب دو گاڑیوں کے درمیان خوفناک تصادم کے نتیجے میں پانچ افراد زخمی ہوگئے، زخمیوں کی حالت خطرے سے باہر ہے۔ گزری کے علاقے ڈیفنس فیز 6 میں خیابان محافظ سگنل کے قریب دو گاڑیاں آپس میں ٹکرا گئیں، جس کے باعث دونوں گاڑیوں میں سوار پانچ افراد زخمی ہوگئے۔ ترجمان چھیپا کے مطابق زخمیوں میں سے تین افراد کی شناخت باقر، اکرم اور اجمل کے ناموں سے ہوئی ہے، جبکہ دو افراد کی فوری طور پر شناخت نہیں ہوسکی۔ ترجمان کے مطابق تمام زخمیوں کی حالت خطرے سے باہر ہے۔ گزری کے علاقے ڈیفنس فیز 6 میں خیابان محافظ سگنل کے قریب دو گاڑیاں آپس میں ٹکرا گئیں، جس کے باعث دونوں گاڑیوں میں سوار پانچ افراد زخمی ہوگئے۔ ترجمان چھیپا کے مطابق زخمیوں میں سے تین افراد کی شناخت باقر (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

عالمی ادارہ صحت اور پاکستان کی جانب سے ویکسینیشن کے لیے 2 لاکھ تربیت یافتہ کارکنان متحرک

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) نے حکومت پاکستان اور ترقیاتی شراکت داروں کے تعاون سے، حال ہی میں مکمل ہونے والی ملک گیر ویکسینیشن مہم کے دوران تقریباً 2 لاکھ تربیت یافتہ پولیو ورکرز کو متحرک کیا، جو کہ تقریباً 2 کروڑ 40 لاکھ (24 ملین) بچوں کو معذور کردینے والی بیماری سے محفوظ رکھا جائے۔ عالمی ادارہ صحت کے مطابق، اس کے فیلڈ ورکرز نے سرکاری حکام (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

لاہور، ہراسگی، تشدد اور جنسی جرائم میں ملوث 6 ملزمان گرفتار

خواتین اور بچوں کے خلاف تشدد و جنسی جرائم کسی صورت برداشت نہیں کیے جائینگے

لاہور (نمائندہ خصوصی) لاہور پولیس آپریشن ونگ نے ہراسگی، تشدد اور جنسی جرائم میں ملوث 6 ملزمان گرفتار کر لیے۔ تفصیلات کے مطابق جنسی ہراسگی کے مقدمات میں جنوبی چھاؤنی پولیس نے عرفان جبکہ شاد باغ پولیس نے محسن کو گرفتار کیا۔ اسی نوعیت کے مقدمات میں سمانہ پولیس نے فرحان احمد کو جبکہ رائیونڈ پولیس نے نصر اقبال کو گرفتار کیا۔ ہراسگی کے مقدمہ میں چوہنگ پولیس نے عدنان اعظم کو گرفتار کیا۔ بچے کے بدفعلی کے مقدمے میں سندر پولیس نے ملزم حسنین کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان کے خلاف متعلقہ تھانوں میں مقدمات درج کیے گئے جبکہ مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔ اس موقع پر ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے کہا ہے کہ خواتین اور بچوں کے خلاف تشدد و جنسی جرائم کسی صورت برداشت نہیں کیے جائیں گے۔ ایسے جرائم میں (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)



اسلام آباد پولیس کے تعاون سے شہر میں ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی واک کا انعقاد کیا جارہا ہے

تربیلا پانچویں توسیعی پن بجلی منصوبے پر ٹنل کا واقعہ

زیر تعمیر پاور ہاؤس، ٹیل ریس کلورٹ اور سوئچ یارڈ کو بھی کوئی نقصان نہیں پہنچا

لاہور (این این آئی) تربیلا پانچویں توسیعی پن بجلی منصوبے پر ٹنلنگ عمل کے سیکنڈ پیچ کی کھدائی کے دوران ٹنل کا ایک کمزور حصہ گر گیا، جس کے باعث پانی ان ٹیک پٹ سے عمل اور پاور ہاس میں داخل ہوگیا، تمام ورکرز کو فوری طور پر بحفاظت نکال لیا گیا ہے۔ ان ٹیک پٹ سے پانی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

نمازِ جنازہ کی ادائیگی کے بعد شہید کانسٹیبل فیروز علی کاسرخاکی مکمل سرکاری اعزاز کے ساتھ ان کے آبائی گاؤں ابراہیم زئی روانہ کردیا گیا

ہنگو میں دہشتگردوں کا حملہ، ایک پولیس اہلکار شہید 3 اغوا

پولیس نے شاہ الماس پیر پہاڑی پر دوبارہ کنٹرول سنبھال لیا ہے جبکہ دہشتگردوں کے خلاف سرچ آپریشن جاری، ڈی پی او

ہنگو (نمائندہ خصوصی) ضلع ہنگو کے تھانہ شاہ الماس پیر پہاڑی پولیس پوسٹ پر دہشتگردوں نے حملہ کیا ہے، جس میں ایک پولیس اہلکار شہید ہوگیا۔ ڈی پی او کے مطابق حملہ آور 3 پولیس اہلکاروں کو سماء پہاڑی طانانو کوٹ کی جانب لے گئے ہیں۔ ڈی پی او کے مطابق پولیس نے شاہ الماس پیر پہاڑی پر دوبارہ کنٹرول سنبھال لیا ہے جبکہ دہشتگردوں کے خلاف سرچ آپریشن جاری ہے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور فورسز کی بھاری نفری جائے وقوع پر پہنچ گئی، جہاں دہشتگردوں کے ساتھ فائرنگ کا تبادلہ جاری رہا۔ ڈی پی او صلاح الدین کنڈی کے مطابق دہشتگرد اغوا کیے گئے تینوں پولیس اہلکاروں کو سماء پہاڑی طانانو کوٹ کی جانب لے گئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ پولیس جوانوں نے شاہ الماس پیر پہاڑی پر دوبارہ کنٹرول سنبھال لیا ہے جبکہ فرار ہونے والے دہشتگردوں کا تعاقب (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)



گرلز ڈگری کالج کی پرنسپل غزالہ شاہین یوم اقبال کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کررہی ہے




لاہور، وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی، سینئر صحافی اور دیگر کلام اقبال سن رہے ہیں



معاشی ترقی کے مواقع

پاکستان کی معاشی صورت حال کے حوالے سے عمومی تاثر یہی لیا جاتا ہے کہ معیشت کے سارے سیکٹرز پوری صلاحیت کے مطابق کام نہیں کر رہے تاہم یہ بھی حقیقت ہے کہ گزشتہ دو ڈھائی سال کے دوران ملک میں معاشی استحکام دیکھنے کو مل رہا ہے۔ ڈالر کی قیمت گو زیادہ ہے تاہم خاصے عرصے سے ایک سطح پر مستحکم چلی آرہی ہے۔ اشیا خورونوش کے حوالے سے دیکھا جائے تو مارکیٹ میں اجناس کی کمی نظر نہیں آتی البتہ یہ ضرور کہا جاسکتا ہے کہ ان کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ آتا رہتا ہے اور کچھ اشیا کی قیمتیں خاصی بڑھ چکی ہیں۔ روزگار کے حوالے سے دیکھا جائے تو بیروزگاری کی شرح میں اضافہ ہوا، خصوصاً پڑھے لکھے طبقے میں بیروزگاری بڑھی ہے جب کہ ہنرمند طبقہ بھی اپنے ہنر کے مطابق روزگار حاصل کرنے میں پوری طرح کامیاب نظر نہیں آتا۔ ملک میں پروفیشنل ڈگری حاصل کرنے والے نوجوانوں میں بھی بیروزگاری کی شرح زیادہ ہے خصوصاً انجینئرز اور ڈاکٹرز میں بیروزگاری زیادہ تکلیف دہ ہے۔ اگر انجینئرز اور ڈاکٹرز کو کوئی نجی سیکٹرز میں نوکری ملتی ہے تو ان کی تنخواہیں خاصی کم ہیں۔ ادویات کے حوالے سے بھی دیکھا جائے تو ان کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ زرعی شعبے کی طرف نظر ڈالیں تو وہاں بھی صورت حال زیادہ بہتر نہیں ہے۔ زراعت پاکستان کی ریڑھ کی ہڈی ہے لیکن زراعت پر اتنی ہی توجہ کم ہے۔ درآمدات اور برآمدات کا توازن دیکھا جائے تو وہاں بھی صورت حال تسلی بخش نہیں ہے۔ درآمدی بجٹ اب بھی بہت زیادہ ہے۔ توانائی کی قیمتیں زیادہ ہونے کی وجہ سے پیداواری لاگت بہت بڑھ چکی ہے۔ جس کی وجہ سے مقامی صنعت جو مال تیار کر کے مارکیٹ میں لاتی ہیں اس کی قیمت درآمدی اشیا کے مقابلے میں زیادہ ہوتی ہے۔ اخباری اطلاع کے مطابق پاکستان کا تجارتی خسارہ رواں مالی سال کے پہلے چار ماہ (جولائی تا اکتوبر) کے دوران 16 فیصد اضافے کے ساتھ 14 ارب 60 کروڑ ڈالر تک پہنچ گیا، جس کی بنیادی وجہ درآمدات میں تیز رفتار اضافہ اور برآمدات کی سست رفتار ترقی ہے۔ بڑھتا ہوا تجارتی خسارہ ملک کے بیرونی قرضوں اور عالمی مالیاتی اداروں پر انحصار میں مزید اضافے کا سبب بن سکتا ہے۔ پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس کے مطابق گزشتہ مالی سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں تجارتی خسارے میں 2 ارب ڈالر کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ رواں مالی سال کے ابتدائی چار ماہ میں درآمدات 26 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں، جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 2 ارب 90 کروڑ ڈالر یا 12.5 فیصد زیادہ ہیں۔ اس کے برعکس برآمدات میں معمولی بہتری دیکھنے میں آئی اور جولائی تا اکتوبر کے دوران مجموعی برآمدات 11 ارب 40 کروڑ ڈالر رہیں، جو گزشتہ مالی سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں صرف 89 کروڑ ڈالر زیادہ ہیں۔ اس دوران ماہانہ اوسط درآمدات 5.6 ارب ڈالر جب کہ برآمدات 2.8 ارب ڈالر رہیں۔ تجارتی خسارے میں اضافے کے اعداد و شمار ایسے وقت سامنے آئے ہیں، جب وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے انکشاف کیا تھا کہ پاکستان کو گزشتہ ماہ سعودی عرب سے مزید 3 ارب ڈالر کے قرض کی مدت میں توسیع مل گئی ہے۔ سیکرٹری خزانہ نے پارلیمانی کمیٹی کو بتایا کہ ملک کو بیرونی قرضوں کی مد میں ادائیگیاں کرنا ہیں، تاہم حکومت دوطرفہ اور کمرشل قرضوں کی مدت میں توسیع حاصل کرنے کی کوشش کریگی، حکومت زرمبادلہ ذخائر برقرار رکھنے کیلئے مسلسل نئے غیرملکی قرضوں کی تلاش میں بھی ہے۔ خبر میں مزید بتایا گیا ہے کہ وزیراعظم نے وعدہ کیا ہے کہ آئی ایم ایف کا 25 واں پروگرام پاکستان کی تاریخ کا آخری پروگرام ہوگا، جو آئندہ ستمبر میں مکمل ہونا ہے، تاہم اس دعوے کی عملی آزمائش آنے والے برسوں میں ہوگی۔ اسٹیٹ بینک نے رواں مالی سال کے دوران درآمدات 71 ارب ڈالر تک پہنچنے کا تخمینہ لگایا، جس کی بڑی وجہ توانائی کی درآمدی لاگت میں اضافے کا امکان ہے۔ حکومت نے رواں مالی سال کیلئے اشیائی برآمدات کا ہدف 34 ارب ڈالر مقرر کیا ہے، حکومت نے برآمدات میں اضافے کیلئے بڑے برآمد کنندگان کو سستے قرضوں کی فراہمی کی خاطر بجٹ میں 88 ارب روپے کی سبسڈی بھی مختص کی ہے، تاہم ماضی میں روپے کی قدر میں نمایاں کمی بھی برآمدات کو خاطر خواہ فروغ دینے میں ناکام رہی ہے۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال کے مطابق مستقبل میں آئی ایم ایف پروگراموں سے نجات حاصل کرنے کے لیے برآمدات کو 60 ارب ڈالر تک لے جانا ضروری ہے، حکومت کی تجارتی آزادکاری کی پالیسی بھی تاحال برآمدات میں متوقع اضافہ لانے میں کامیاب نہیں ہوسکی۔ موجودہ حکومت جب برسراقتدار آئی تو ملکی معیشت کی حالت بہت زیادہ خراب تھی۔ پاکستان ایف اے ٹی ایف کی گرے لسٹ میں شامل تھا۔ ڈالر کی قیمت میں اتار چڑھاؤ کی رفتار بہت زیادہ تیز تھی بلکہ ڈالر مسلسل اوپر جا رہا تھا جس کی وجہ سے ملک میں کاروباری سرگرمیاں بری طرح متاثر ہو رہی تھیں۔ اجناس کی قیمتوں میں بھی روزانہ کی بنیاد پر اضافہ دیکھنے میں آرہا تھا اور کچھ اجناس کی قلت پیدا ہو گئی تھی۔ موجودہ حکومت نے برسراقتدار آ کر معاشی محاذ پر خاصا بہتر کام کیا ہے۔ آئی ایم ایف کے ساتھ پاکستان کے تعلقات درست نہیں تھے آئی ایم ایف پاکستان کو قرضہ دینے کے لیے تیار نہیں تھا اس وجہ سے ملکی معیشت کے بارے میں کہا جا رہا تھا کہ اگر صورت حال کو سنبھالا نہ گیا تو خدانخواستہ پاکستان دیوالیہ ہوسکتا ہے۔ اس صورتحال میں موجودہ حکومت نے بہتر پرفارمنس کا مظاہرہ کیا۔ سب سے بڑا اور اہم کام ایف اے ٹی ایف کی گرے لسٹ سے ملک کو نکالنا تھا موجودہ حکومت کی معاشی پالیسیوں کے نتیجے میں ایف اے ٹی ایف گرے لسٹ سے پاکستان نکل گیا۔ آئی ایم ایف کے ساتھ پاکستان کے تعلقات بہتر ہو گئے۔ سعودی عرب اور دیگر دوست ملکوں نے پاکستان کی مدد پر رضامندی ظاہر کی جس کے نتیجے میں پاکستان کی معیشت بحالی کے دور میں داخل ہو گئی۔ آج پاکستان میں غیر ملکی زرمبادلہ خاصی بلند سطح پر موجود ہے۔ گو پاکستان کو ابھی بھاری قرضوں کے بوجھ کا سامنا ہے۔ ایک خبر میں بتایا گیا ہے کہ عالمی بینک نے کہا ہے کہ 2025 کو ختم عشرہ تک پاکستان کا بیرونی قرضہ دوگنا ہو کر 135.1 ارب ڈالر تک پہنچ گیا ہے۔ عالمی بینک کی انٹرنیشنل ڈیٹ رپورٹ 2026 کے مطابق 2015ء میں پاکستان کا بیرونی قرضہ 673.68 ارب ڈالر 2025ء میں بڑھ کر 107.135 ارب ڈالر ہو گیا، اس میں 076.107 ارب ڈالر ضمانت یافتہ، 58.17 ارب ڈالر نجی غیر ضمانت یافتہ، 45.10 ارب ڈالر قلیل مدتی قرض شامل ہے، ضمانت یافتہ قرض میں 83.56 ارب ڈالر کثیر الجہتی اداروں، 43.42 ارب ڈالر دوطرفہ قرض دہندگان، 8.7 ارب ڈالر نجی قرض دہندگان کا ہے۔ پاکستان پر بیرونی قرضوں کا بوجھ بہرحال بڑھ گیا ہے تاہم یہ بھی حقیقت ہے کہ ماضی کے مقابلے میں پاکستان کی معیشت بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کر رہی ہے۔ پاکستان میں پچھلے دو برس کے دوران جو سیاسی کھینچا تانی رہی ہے اس کی وجہ سے بھی معیشت پوری رفتار سے چل نہیں پائی لیکن اس کے باوجود وفاقی حکومت کی معاشی ٹیم نے اصلاحات کا عمل جاری رکھا۔ اس اصلاحاتی عمل کے باعث پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان تعاون جاری ہے، بلکہ ماضی کے مقابلے میں خاصا بڑا ہے۔ عالمی بینک ایشیائی ترقی بینک اور دیگر مالیاتی اداروں کا اعتماد بھی پاکستان پر بڑھا ہے۔ حالیہ خلیجی جنگ کی وجہ سے پوری دنیا میں معاشی مسائل جنم لیے ہیں دنیا کی ترقی یافتہ معیشت بھی اس صورت حال سے متاثر ہوئی ہے۔ امریکا جیسی ترقی یافتہ اور بڑی معیشت کو بھی مسائل کا سامنا ہے اور وہاں بھی مہنگائی میں اضافہ ہوا ہے جب کہ مغربی یورپی ملکوں میں بھی توانائی مہنگی ہوئی ہے۔ پاکستان میں بھی اس کے اثرات مرتب ہوئے ہیں۔ پاکستان میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں اور توانائی کے دیگر ذرائع میں جو اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے اس کی بنیادی وجہ بھی خلیج کا بحران ہے۔ اس خطرناک بحران کے باوجود دیگر ترقی پذیر ملکوں کی معیشت کی نسبت پاکستان کی معیشت نے بہتر پرفارمنس دی ہے۔ پاکستان کی معیشت میں ترقی کا پوٹینشل موجود ہے۔

علامہ اقبال کی روحانی میراث اور ملت اسلامیہ کا اتحاد



تاریخ انسانی درحقیقت ہدایت الٰہی کی تلاش اور اس کے نور سے منور ہونے کا ایک مسلسل سفر ہے۔ جب اللہ رب العزت نے اس کائنات کو وجود بخشا اور حضرت آدم علیہ السلام کو منصب نبوت سے سرفراز فرمایا تو انسانیت کی رہنمائی کا ایک مقدس سلسلہ شروع ہوا، جو کہ بعد دیگر سے انبیائے کرام علیہم السلام کے ذریعے جاری رہا، یہاں تک کہ اس کی تکمیل خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی بعثت مبارکہ پر ہوئی۔ آپ ﷺ کے اس دنیا سے پردہ فرمانے کے ساتھ سلسلہ نبوت ہمیشہ کے لیے اختتام پذیر ہو گیا لیکن ہدایت الٰہی کا نور کبھی ماند نہ پڑا۔ قرآن حکیم، سنت نبوی ﷺ اور ان برگزیدہ بندگان خدا کی زندگیوں کے ذریعے یہ روشنی دلوں کو منور کرتی رہی جنہوں نے اپنی حیات کو تزکیہ نفس، اصلاح کردار، معرفت الٰہی اور بیداری انسانیت کے لیے وقف کر دیا۔ انہی عظیم شخصیات میں علامہ محمد اقبال کا مقام نہایت ممتاز اور منفرد ہے۔ علامہ اقبال محض ایک ایسے شاعر نہیں تھے جن کے اشعار تخیل کی دنیا آباد کرتے ہوں، بلکہ وہ ایک صاحب بصیرت مفکر، مرد درویش اور بیدار مغز رہنما تھے، جنہوں نے ملت اسلامیہ کے اندر کھویا ہوا شعور، فکری اعتماد اور اجتماعی وقار دوبارہ پیدا کرنے کی کوشش کی۔ ان کی شاعری دراصل ایک ایسی قوم کے لیے صدائے بیداری تھی جو رفتہ رفتہ اپنی صلاحیتوں پر یقین کھوتی جا رہی تھی اور سیاسی محکومی، فکری جمود اور روحانی غفلت کو اپنی تقدیر سمجھ بیٹھی تھی۔ اقبال کا پیغام کسی ایک خطے یا سرحد تک محدود نہ تھا۔ وہ دریائے نیل کے ساحلوں سے لے کر کاشغر کی وادیوں تک بسنے والے مسلمانوں کو یہ احساس دلانا چاہتے تھے کہ ان کی اصل قوت محض زمینوں، سلطنتوں اور سیاسی بندوبست میں نہیں، بلکہ ان کے مشترکہ ایمان، تہذیبی شناخت، تاریخی ورثے اور روحانی رشتے میں پوشیدہ ہے۔ تصور پاکستان بھی اقبال کے اسی سیاسی، فکری اور فلسفیانہ شعور کی کوکھ سے پروان چڑھا۔ 1930ء میں الٰہ آباد کے مقام پر ان کا خطبہ مسلمانوں کی سیاسی منزل کے تعین میں ایک اہم فکری سنگ میل ثابت ہوا۔ انہوں نے ایک ایسے سیاسی اور سماجی نظام کا تصور پیش کیا جس میں برصغیر کے مسلمان اپنی مذہبی، تہذیبی اور تمدنی شناخت کے مطابق اپنی اجتماعی زندگی کی تشکیل کر سکیں۔ اگرچہ اقبال اپنی زندگی میں پاکستان کو معرض وجود میں آتا دیکھ نہ سکے، لیکن ان کی فکر اور بصیرت نے ان آرزوؤں کو جلا بخشی جو بالآخر 1947ء میں ایک آزاد وطن کے قیام پر منتج ہوئیں۔ اس اعتبار سے پاکستان محض ایک جغرافیائی خطہ نہیں، بلکہ ایک ایسے خواب کی تعبیر بھی ہے جس کے پس منظر میں مسلمانوں کی آزادی، خودداری، شناخت اور اجتماعی وقار کی آرزو کارفرما تھی۔ اقبال نے اپنے لازوال شعری مجموعوں کے ذریعے انسان اور اس کے خالق کے درمیان تعلق کو از سر نو زندہ کرنے کی کوشش کی۔ ان کی شہرہ آفاق نظمیں "شکوہ" اور "جواب شکوہ" اس سلسلے میں غیر معمولی اہمیت رکھتی ہیں۔ "شکوہ" میں انہوں نے ایک ایسی ملت کے اضطراب، عروج اور زوال کا درد نہایت دلنشین انداز میں بیان کیا جو اپنی گزشتہ عظمت کے کھو جانے پر سوال اٹھا رہی تھی، جبکہ "جواب شکوہ" میں مسلمانوں کو ان کے زوال کے اسباب سے آگاہ کرتے ہوئے ایمان، اتحاد، قربانی، نظم و ضبط اور عمل پیہم کی اہمیت یاد دلائی۔ یہ محض دو نظمیں یا ایک شاعر کا تخلیقی مکالمہ نہیں تھا، بلکہ ایک سوئی ہوئی قوم کے ضمیر کو جھنجھوڑنے اور اسے اس کی ذمہ داریوں کا احساس دلانے کی ایک عظیم فکری و روحانی کوشش تھی۔ اقبال کا ایک بڑا اور پائیدار کارنامہ یہ بھی ہے کہ انہوں نے مسلمانوں کو جغرافیائی، لسانی، نسلی اور سیاسی اختلافات سے بلند ہو کر ایک ملت بننے کا درس دیا۔ ان کا یہ پیغام آج بھی دلوں میں ارتعاش پیدا کرتا ہے: "ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کے لیے، نیل کے ساحل سے لے کر تابخاک کاشغر" یہ شعر محض جذباتی وابستگی کا اظہار نہیں، بلکہ ملت اسلامیہ کے لیے ایک ابدی منشور کی حیثیت رکھتا ہے۔ اقبال جس اتحاد کے آرزومند تھے، اس سے مراد کوئی مصنوعی سیاسی بندوبست یا تمام مسلم معاشروں کو ایک ہی طرز زندگی کا پابند بنانا نہیں تھا، بلکہ وہ مشترکہ مقصد، باہمی احترام، اجتماعی ذمہ داری اور اسلام کے روحانی ورثے پر استوار اخوت و یکجہتی کا تصور پیش کرتے تھے۔ افسوس کہ آج عالم اسلام کی صورت حال دیکھ کر محسوس ہوتا ہے کہ اگر اقبال ہمارے درمیان موجود ہوتے تو ان کا دل کس قدر مضطرب ہوتا۔ بے پناہ انسانی وسائل، اہم جغرافیائی محل وقوع، قدرتی خزانوں اور معاشی امکانات کے باوجود مسلم ممالک سیاسی رقابتوں، علاقائی تنازعات اور متضاد تزویراتی مفادات میں الجھے ہوئے ہیں۔ خلیج میں کشیدگی، مشرق وسطیٰ میں عدم استحکام اور مسلم دنیا کے مختلف خطوں میں بے گناہ انسانوں کی مسلسل اذیت و بے بسی اس حقیقت کی گواہ ہے کہ امت مسلمہ ابھی تک اس اجتماعی قوت سے محروم ہے جس کا خواب اقبال نے دیکھا تھا۔ المیہ صرف یہ نہیں کہ مسلمان ممالک کے درمیان اختلافات موجود ہیں، بلکہ اصل افسوس یہ ہے کہ یہی اختلافات انہیں ان مشترکہ خطرات اور چیلنجوں کا مقابلہ کرنے سے بھی روک دیتے ہیں جو ان کے اجتماعی مفادات اور آنے والی نسلوں کے مستقبل کو متاثر کر رہے ہیں۔ ایسے حالات میں پاکستان پر ایک خاص ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ ایک ایسی تحریک کے نتیجے میں وجود میں آنے والا ملک جس کی بنیاد مسلمانوں کی فکری، سیاسی اور تہذیبی شناخت پر استوار تھی، اسے عالم اسلام میں مفاہمت، تعاون اور یکجہتی کی آواز بنے رہنا چاہیے۔ پاکستان کی سفارتی سرگرمیوں، علاقائی کشیدگی کم کرنے کی کوششوں اور مسلم ممالک کے درمیان مذاکرات کے فروغ کو اقبال کے فلسفہ اتحاد کی روشنی میں دیکھنے کی ضرورت ہے۔ سعودی عرب اور ایران کے درمیان افہام و تفہیم پیدا کرنے، مسلم ممالک کے باہمی تعلقات مضبوط بنانے اور علاقائی تنازعات کے پرامن حل کی حوصلہ افزائی کے لیے پاکستانی قیادت کی کوششیں اسی فکر کے ایک اہم عملی پہلو کی عکاس ہیں۔ تاہم ایسی کاوشوں کی کامیابی کے لیے مستقل مزاجی، سیاسی بصیرت اور اجتماعی حمایت ناگزیر ہے، کیونکہ پائیدار امن محض اعلانات سے قائم نہیں ہوتا؛ اس کے لیے اخلاص، اعتماد سازی اور محدود سیاسی مفادات سے بلند ہو کر امت کے وسیع تر مفاد کو ترجیح دینا پڑتی ہے۔ اقبال کا پیغام عالم اسلام کے اہل دانش، علما، سیاسی رہنماؤں اور نوجوان نسل پر بھی ایک بھاری ذمہ داری عائد کرتا ہے۔ اتحاد صرف جذباتی نعروں، تقاریب اور رسمی اجتماعات سے حاصل نہیں ہوسکتا۔ اس کے لیے علم و تحقیق کا فروغ، سائنسی ترقی، معاشی تعاون، مضبوط ادارے، سماجی انصاف اور برداشت و رواداری کی فضا پیدا کرنا ضروری ہے۔ جو قوم علم سے اپنا رشتہ کمزور کر دے، اخلاقی نظم و ضبط کو فراموش کر دے اور اندرونی اختلافات کو اپنی قوت کی بنیادیں کھوکھلی کرنے دے، وہ محض اپنے شاندار ماضی کے تذکرے سے دنیا میں اپنا کھویا ہوا مقام دوبارہ حاصل نہیں کرسکتی۔ علامہ محمد اقبال کی روحانی اور فکری میراث آج بھی اسی طرح زندہ اور بامعنی ہے جس طرح ان کے عہد میں تھی۔ ان کی شاعری آج بھی ضمیروں کو بیدار کرتی ہے، ان کا فلسفہ آج بھی فکری بے عملی کو چیلنج کرتا ہے

یوم اقبال 2026: مضبوط پاکستان اور مضبوط فوج



یوم اقبال 2026 پاکستان کے لیے علامہ محمد اقبال اور ایک مضبوط، آزاد اور بااعتماد مسلم قوم کے ان کے وژن کو خراج تحسین پیش کرنے کا ایک موقع ہے۔ 2025ء میں بھارت کے خلاف معرکہ حق میں فتح پاکستان کے عسکری اعتماد اور علاقائی وقار میں ایک اہم موڑ ثابت ہوئی۔ پاک فوج نے، فضائیہ، بحریہ، میزائل سسٹمز اور سائبر یونٹوں کی مدد کے ساتھ، تمام محاذوں پر باہمی ہم آہنگی، شجاعت اور پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کیا۔ اس کامیابی نے پاکستان کی دفاعی صلاحیتوں سے متعلق تصورات کو چیلنج کیا اور قومی یکجہتی کو مضبوط کیا۔ عوامی جشن مسلح افواج کے لیے عوام کے فخر اور اظہار تشکر کی عکاسی کرتا تھا۔ ملک کا دفاع کرنے کے علاوہ فوج نے خطرناک علاقوں میں استحکام بحال کرنے میں مدد کی، قدرتی آفات کے دوران سویلین اداروں کا ساتھ دیا اور معاشی ترقی کے لیے ضروری حالات کی فراہمی میں اپنا کردار ادا کیا۔ پاکستان کا بڑھتا ہوا سفارتی اثر و رسوخ امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکرات امن میں اس کے سہولت کار کے کردار سے بھی واضح ہے، جس میں اسے سعودی عرب، ترکی اور مصر کی حمایت حاصل تھی۔ عسکری قوت کا مظاہرہ کرنے اور فتح کے بعد مکالمے کا راستہ منتخب کرنے کے بعد پاکستان نے عالمی سطح پر نمایاں توجہ حاصل کی ہے اور علاقائی امن کے لیے کوشاں ایک ممکنہ ثالث کے طور پر ابھرا ہے۔ اگرچہ یہ مذاکرات نازک مرحلے میں ہیں، مگر یہ کردار ملک کی بڑھتی ہوئی سفارتی اہمیت اور ضبط و تحمل، ذمہ داری اور حکمت عملی کی فہم و فراست کی قدر و قیمت کو ظاہر کرتا ہے۔ پاکستان کی دفاعی شراکت داریاں علاقائی سیکیورٹی اور دفاع میں اپنا حصہ ڈالنے کے اس کے عزم کو مزید نمایاں کرتی ہیں۔ اگست 2026ء میں سعودی عرب اور ترکی کے ساتھ طے پانے والا ممکنہ جوائنٹ ڈیفنس ایگریمنٹ باہمی دفاع، مشترکہ منصوبہ بندی، انٹیلی جنس شیئرنگ اور فوری جوابی کارروائی پر مبنی ایک اجتماعی سیکیورٹی فریم ورک قائم کرتا ہے۔ اس کا یہ اصول کہ کسی ایک رکن پر حملہ تمام اراکین سے متعلق تصور ہوگا، اجتماعی تحفظ کے باہمی عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ دوحہ میں ترکی، قطر اور انڈونیشیا کے ساتھ طے پانے والے "بدر ایم او یو" کا مرکز مشترکہ دفاعی پیداوار، تحقیق، مینوفیکچرنگ اور ٹیکنالوجی کی منتقلی ہے۔ اس کا مقصد غیر ملکی سپلائرز پر انحصار کو کم کرنا اور مسلم ممالک کے درمیان ایک مشترکہ صنعتی بنیاد قائم کرنا ہے۔ اگرچہ ان طویل المدتی اقدامات کے مکمل فوائد حاصل ہونے میں سالہا سال لگیں گے، لیکن یہ سیکیورٹی محض حاصل کرنے کے بجائے اسے پیدا کرنے والا ملک بننے کے پاکستان کے عزم کو ظاہر کرتے ہیں۔ اپنی پیشہ ورانہ مسلح افواج، سفارتی اقدامات اور سائنسی تعاون کے ساتھ مل کر ان شراکت داریوں نے پاکستان کے بین الاقوامی وقار کو مضبوط کیا ہے۔ یہ علامہ اقبال کے فلسفہ خودی کی بھی عکاسی کرتی ہیں، جو خود اعتمادی، وقار، آزادی اور اندرونی طاقت کو فروغ دیتا ہے۔ یوم اقبال پر قوم اپنی کامیابیوں کا جشن مناتی ہے، ان کے پیچھے دی گئی قربانیوں کو یاد کرتی ہے اور اقبال کے افکار و نظریات کے ساتھ اپنے عزم کی تجدید کرتی ہے۔ تمیٰ مقصد ایک ایسا خودمختار اور ذمہ دار پاکستان ہے جو اپنے لوگوں کا دفاع کر سکے، مظلوموں کی حفاظت کر سکے، بغیر کسی جارحیت کے امن کو فروغ دے سکے اور آنے والی نسلوں کے لیے اتحاد، اعتماد اور لچک کے ساتھ آگے بڑھ سکے۔


ان تمام جیتی رفتوں نے علامہ اقبال کو بے حد مسرور اور مطمئن کیا ہوتا۔ انہوں نے مسلم امت کی بیداری کے بارے میں لکھا تھا، انہوں نے مسلمانوں کے باہمی اتحاد کی ضرورت پر زور دیا تھا، انہوں نے علم و ٹیکنالوجی کی اہمیت پر قلم اٹھایا تھا، انہوں نے ایمان کی طاقت اور محنت کی عظمت و توقیر کے بارے میں تحریر کیا تھا اور انہوں نے ایک غیور سپاہی کی شجاعت و بسالت کے نغمے گائے تھے۔ ان کی شاعری شاہین اور عقاب کی تمثیلوں سے لبریز ہے۔ انہوں نے ان استعاروں کو مسلم نوجوانوں کے بلند مقاصد اور عزم عالی کی نمائندگی کے لیے استعمال کیا۔ وہ چاہتے تھے کہ نوجوان بڑے خواب دیکھیں، انتھک محنت کریں اور قوم کی خدمت کے لیے خود کو وقف کر دیں۔ آج کی پاک فوج ان تمام تر آرزوؤں کا ایک زندہ و جاوید مجسمہ ہے۔ معرکہ حق میں لڑنے والے سپاہی صرف کسی زمین کے ٹکڑے کا دفاع نہیں کر رہے تھے، بلکہ وہ ایک عظیم نظریے کا دفاع کر رہے تھے۔ وہ اس نظریے کی حفاظت کر رہے تھے کہ مسلمان مضبوط اور مکمل طور پر خودمختار ہو سکتے ہیں۔ وہ اس تصور کی پاسبانی کر رہے تھے کہ ایمان پر قائم ہونے والی قوم ایک جدید اور ترقی پسند ریاست بھی بن سکتی ہے۔ وہ اس خیال کا دفاع کر رہے تھے کہ پاکستان دنیا کی اقوام کے درمیان اپنا جائز اور باوقار مقام حاصل کر سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ فتح اتنی اہمیت کی حامل تھی۔ یہ محض ایک جغرافیائی یا عسکری فتح نہیں تھی بلکہ یہ روح اور نظریے کی اتنی ہی عظیم فتح تھی۔

یوم اقبال 2026ء کے اس عظیم موقع پر قوم کو ان تمام قربانیوں کو لازماً یاد رکھنا چاہیے جنہوں نے اس طاقت کو ممکن بنایا۔ معرکہ حق اور دیگر تمام محاذوں میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء نے یہ سب کچھ اپنی ذاتی شہرت کے لیے نہیں کیا تھا بلکہ انہوں نے یہ عظیم قربانی ملک کے لیے، روشن مستقبل کے لیے اور اس خواب کے لیے دی جو اقبال نے دیکھا تھا۔ ان کے اہل خانہ ہماری دل کی گہرائیوں سے شکرگزاری کے مستحق ہیں اور ان کے بچوں کو ہماری کامل حمایت حاصل ہونی چاہیے۔ قوم کو ان عام شہریوں کو بھی یاد رکھنا چاہیے جنہوں نے مسلح افواج کا ہر موڑ پر ساتھ دیا۔ وہ ڈاکٹر جنہوں نے زخمیوں کا علاج کیا، وہ انجینئرز جنہوں نے سامان اور آلات کی مرمت کی، وہ مزدور جنہوں نے کارخانوں کو مسلسل فعال رکھا، وہ کسان جنہوں نے اناج اگایا اور وہ اساتذہ جنہوں نے نئی نسل کی تربیت کی۔ کسی قوم کی اصل طاقت صرف اس کی فوج میں نہیں ہوتی بلکہ اس کے عوام میں ہوتی ہے۔

پاکستان اس لیے مضبوط ہے کیونکہ اس کے عوام مضبوط اور پرعزم ہیں۔ پاکستان اس لیے بااثر ہے کیونکہ اس کے لوگ متحد ہیں۔ یہی اتحاد اس ملک کا سب سے بڑا اثاثہ ہے جسے ہر قیمت پر محفوظ رکھنا اور پروان چڑھانا ضروری ہے۔

اس لیے سال 2026ء پاکستان کے لیے بے پناہ فخر اور سربلندی کا سال ہے۔ یہ ملک ایک سخت اور دشوار گزار دور سے گزر کر پہلے سے کہیں زیادہ مضبوط ہو کر ابھرا ہے۔ فوج نے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے، سفارت کاروں نے عالمگیر احترام حاصل کیا ہے، دفاعی معاہدوں نے ترقی کی نئی راہیں کھولی ہیں اور ثالثی کے کردار نے ملک کے وقار کو بلندیوں تک پہنچایا ہے۔ قوم درست سمت میں گامزن ہے۔ اگرچہ آگے اب بھی کچھ چیلنجز موجود ہیں؛ معیشت کو مزید تیز رفتاری سے آگے بڑھنے کی ضرورت ہے، تعلیمی نظام کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے، صحت کے شعبے کو مزید وسائل درکار ہیں اور سیاسی نظام میں مزید استحکام کی ضرورت ہے، لیکن ان تمام چیلنجز پر کامیابی سے قابو پایا جاسکتا ہے۔ ان پر قابو اس لیے پایا جاسکتا ہے کیونکہ اب بنیادی ڈھانچہ اور بنیادیں بے حد مضبوط ہو چکی ہیں۔ یہ بنیاد مسلح افواج کی ناقابل تسخیر طاقت ہے، یہ بنیاد عوام کا محکم اتحاد ہے اور یہ بنیاد اقبال کی روشن فکر اور وژن ہے۔ وہ فکر آج بھی قوم کی رہنمائی کر رہی ہے، وہ فکر آج بھی نوجوانوں کو نئے عزم بخش رہی ہے اور وہ فکر آج بھی ہمارے مستقبل کو تراش رہی ہے۔

علامہ اقبال کی روح آج کے دن یقیناً شاداں ہو گی۔ وہ ایک ایسے پاکستان کو دیکھ رہے ہوتے جو اپنے دشمنوں سے خائف نہیں ہے، وہ ایک ایسے پاکستان کو دیکھ رہے ہوتے جو اپنی سیکیورٹی کے لیے دوسروں کا محتاج نہیں ہے، وہ ایک ایسے پاکستان کو دیکھ رہے ہوتے جو دیگر اقوام کو امن کی راہ دکھانے میں مدد کر رہا ہے، وہ ایک ایسے پاکستان کو دیکھ رہے ہوتے جو اپنے مسلم بھائیوں کے ساتھ مضبوط دفاعی شراکت داریاں قائم کر رہا ہے، وہ ایک ایسی پاک فوج کو دیکھ رہے ہوتے جو پیشہ ور، باہم منظم اور ایماندار ہے اور وہ ایک ایسی قوم کو دیکھ رہے ہوتے جس نے خودی کے پیغام کو بنیاد بنا کر ترقی کی شاہراہ پر قدم بڑھا دیے ہیں۔ یہی یوم اقبال 2026 کا حقیقی جشن ہے۔ یہ ایک تعبیر شدہ خواب کا جشن ہے، یہ ایک مضبوط اور بااثر پاکستان کا جشن ہے اور یہ ایک پرفخر اور پرعزم پاک فوج کا جشن ہے۔ قوم کامل اعتماد کے ساتھ مستقبل کی طرف دیکھ سکتی ہے۔ شاعر کا خواب ایک زندہ حقیقت بن چکا ہے، یہ سفر جاری و ساری ہے



بابر اعظم فرسٹ کلاس کرکٹ میں واپسی سے قبل اپنی بیٹنگ تکنیک میں موجود خامیوں کو دور کریں، محمد یوسف کا مشورہ



لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق بیٹر محمد یوسف نے قومی کرکٹ ٹیم کے اسٹار بیٹر بابر اعظم کو مشورہ دیا ہے کہ وہ فرسٹ کلاس کرکٹ میں واپسی سے قبل اپنی بیٹنگ تکنیک میں موجود خامیوں کو دور کریں اور انگلینڈ یا آسٹریلیا میں کسی خصوصی کرکٹ اکیڈمی سے تربیت حاصل کریں۔ محمد یوسف نے سوشل میڈیا ویب سائٹ ایکس پر ایک پوسٹ میں اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے لکھا کہ بابر اعظم کو تکنیکی مسائل حل کیے بغیر فرسٹ کلاس کرکٹ نہیں کھیلنی چاہیے کیونکہ ڈومیسٹک کرکٹ میں مسلسل ناکامی ان کے اعتماد اور کیریئر کو مزید نقصان پہنچا سکتی ہے۔ سابق کرکٹر نے لکھا کہ بابر اعظم کو انگلینڈ یا آسٹریلیا کی کسی اکیڈمی میں بھیجا جائے جہاں وہ ماہر کوچز کی رہنمائی میں اپنی بیٹنگ تکنیک بہتر بنا سکیں۔ انہوں نے بابر اعظم کی صلاحیتوں پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ اب بھی پاکستان کے بہترین کھلاڑیوں میں شامل ہیں اور درست رہنمائی اور معمولی محنت کے ساتھ اپنی سابقہ فارم بحال کر سکتے ہیں۔ محمد یوسف نے لکھا کہ میں نے 4 سال قبل بھی یہی مشورہ دیا تھا۔

پی سی بی ویمنز سپر تھری ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ کے پانچویں میچ میں واریئرز نے چیمپئرز کو 24 رنز سے شکست دے دی

فیصل آباد (این این آئی) پی سی بی ویمنز سپر تھری ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ کے پانچویں میچ میں واریئرز نے چیمپئرز کو 24 رنز سے شکست دے دی۔ تفصیلات کے مطابق چیمپئرز نے ٹاس جیت کر واریئرز کو پہلے بیٹنگ کی دعوت دی، واریئرز نے مقررہ 20 اوورز میں آٹھ وکٹوں کے نقصان پر 154 رنز بنائے، واریئرز کی جانب سے حفصہ خالد نے 36 گیندوں پر پانچ چوکے اور دو چھکوں کی مدد سے 47 رنز بنائے، واریئرز کی جانب سے رامین شمیم کے 29، صدف شمس نے 22 اور ڈیانہ بیگ نے 19 رنز بنائے۔ چیمپئرز کی جانب سے طیبہ امداد کی دو وکٹیں، طوبیٰ حسن، مومنہ ریاست، فاطمی خان اور عائشہ رحمان نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔۔۔۔

بھارتی اداکارہ ثمرین کور نے ارشدیپ سنگھ کے ساتھ تعلقات پر ہونے والی تنقید پر خاموشی توڑ دی

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی اداکارہ اور ماڈل ثمرین کور نے کرکٹر ارشدیپ سنگھ کے ساتھ تعلقات پر ہونے والی تنقید اور سوشل میڈیا ٹرولنگ پر خاموشی توڑ دی۔ 27 سالہ ثمرین کور نے انسٹاگرام اسٹوریز پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ سوشل میڈیا پر خواتین کو ہر صورت تنقید کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اگر کوئی اپنے تعلقات کو مخفی رکھے تو اسے اپنے ساتھی پر فخر نہ کرنے کا طعنہ دیا جاتا ہے، جبکہ محبت کا کھل کر اظہار کرنے پر شہرت حاصل کرنے کی کوشش کا الزام لگایا جاتا ہے۔ اداکارہ نے ان الزامات کو بھی مسترد کیا کہ وہ ارشدیپ سنگھ کی شہرت یا دولت کی وجہ سے ان کے ساتھ تعلقات میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں 17 سال کی عمر سے کام کر رہی ہوں۔



ثانیہ مرزا اور شعیب ملک کی بیٹے کو آٹھویں سالگرہ پر مبارکباد

نئی دہلی / اسلام آباد (این این آئی) سابق بھارتی ٹینس اسٹار ثانیہ مرزا اور پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شعیب ملک نے اپنے بیٹے اذہان مرزا ملک کی آٹھویں سالگرہ کے موقع پر سوشل میڈیا پر محبت بھرے پیغامات شیئر کیے۔ ثانیہ مرزا نے بیٹے کو سالگرہ کی مبارکباد دیتے ہوئے سوشل میڈیا پر تصاویر شیئر کیں، انہوں نے اذہان کو اپنی زندگی کا حصہ ہونے پر خوشی کا اظہار بھی کیا۔ شعیب ملک نے بھی دو روز بعد بیٹے کو سالگرہ کی مبارکباد دیتے ہوئے مختصر پیغام میں لکھا: ہیپی برتھ ڈے برو، تم سے محبت ہے۔ ثانیہ مرزا اور شعیب ملک کی شادی 2010 میں ہوئی تھی جبکہ اکتوبر 2018 میں ان کے ہاں بیٹے کی پیدائش ہوئی۔ دونوں نے 2024 میں علیحدگی کا اعلان کیا تھا۔ شعیب ملک نے اسی سال جنوری میں پاکستانی اداکارہ ثنا جاوید سے دوسری شادی کرلی تھی۔ علیحدگی کے باوجود دونوں والدین سوشل میڈیا پر اپنے بیٹے کے ساتھ خوشگوار لمحات شیئر کرتے اور اس کی زندگی کے اہم مواقع پر مبارکباد دیتے رہتے ہیں۔ ثانیہ مرزا نے 2023 میں پروفیشنل ٹینس سے ریٹائرمنٹ لی تھی۔ وہ چھ گرینڈ سلم ٹائٹلز جیت چکی ہیں اور 2015 میں خواتین کی ڈبلز عالمی رینکنگ میں پہلی پوزیشن پر بھی فائز رہی تھیں۔ دوسری جانب شعیب ملک نے دو دہائیوں سے زائد عرصے تک پاکستان کی نمائندگی کی۔ انہوں نے 35 ٹیسٹ، 287 ون ڈے اور 124 ٹی 20 انٹرنیشنل میچز کھیلے۔

ہانگ کانگ سکسز، کپتان عباس آفریدی کی ٹرافیوں کیساتھ سونے کی تصویر وائرل

کپتان عباس آفریدی نے ٹورنامنٹ میں شاندار کارکردگی کے بعد پانچ ٹرافیوں کے ساتھ منفرد انداز میں جشن منایا

دبئی (این این آئی) پاکستانی آل راؤنڈر اور ہانگ کانگ سکسز 2026 کے کپتان عباس آفریدی نے ٹورنامنٹ میں شاندار کارکردگی کے بعد پانچ ٹرافیوں کے ساتھ منفرد انداز میں جشن منایا جس کی تصویر سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی۔ 25 سالہ عباس آفریدی تصویر میں بستر پر سونے کی اداکاری کرتے دکھائی دیے جبکہ ان کے ساتھ پانچ ٹرافیاں بھی پڑی ہوئی ہیں۔ انہیں ٹورنامنٹ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ انہوں نے صرف چار میچز میں 216 رنز بنائے اور 31 چھکے لگائے۔ وہ آسٹریلیا کے میکس برائنٹ کے ساتھ مشترکہ طور پر سب سے زیادہ رنز بنانے والے کھلاڑی رہے جبکہ سب سے زیادہ چھکے لگانے کا اعزاز بھی ان کے نام رہا۔ کھیلوں سے متعلق ایک سوشل میڈیا پیج کے مطابق عباس نے ٹورنامنٹ میں تین بار پلیئر آف دی میچ، پلیئر آف دی ٹورنامنٹ اور سب سے زیادہ چھکے لگانے کی ٹرافیاں حاصل کیں۔ عباس آفریدی نے عمان کے خلاف پلیٹ فائنل میں بھی جارحانہ بیٹنگ کرتے ہوئے صرف 16 گیندوں پر ناقابل شکست 73 رنز بنائے تھے جس میں 11 چھکے اور ایک چوکا شامل تھا۔ پاکستان نے یہ مقابلہ 18 رنز سے جیت کر پلیٹ ٹائٹل اپنے نام کیا۔۔۔

ورلڈ کپ 2027، پاک بھارت میچ کیلئے 83 لاکھ سے زائد ٹکٹ درخواستیں موصول ہوئیں، آئی سی سی

لاہور (این این آئی) آئی سی سی کرکٹ ورلڈ کپ 2027 کے ٹکٹوں کے حصول کے لیے ریکارڈ درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔ آئی سی سی کے مطابق ٹکٹوں کے لیے 193 ممالک سے 30 لاکھ شائقین نے رجسٹریشن کرائی جبکہ مجموعی طور پر 12 کروڑ سے زائد درخواستیں موصول ہوئیں۔ آئی سی سی کے مطابق پاکستان اور بھارت کے درمیان میچ کے ٹکٹوں کے لیے 83 لاکھ سے زائد درخواستیں موصول ہوئیں جبکہ ورلڈ کپ فائنل کے لیے بھی تقریباً 79 لاکھ درخواستیں جمع کرائی گئیں۔ آئندہ ورلڈ کپ کی میزبانی جنوبی افریقہ، زمبابوے اور نمیبیا مشترکہ طور پر کریں گے۔

نیپال پریمیئر لیگ تنازع شدت اختیار کرگیا، 7 پاکستانی کرکٹرز واپس وطن آ گئے

کراچی / لاہور (این این آئی) نیپال پریمیئر لیگ تنازع شدت اختیار کر گیا، 8 میں سے 7 پاکستانی کرکٹرز واپس وطن آ گئے۔ پاکستان کے سابق ٹیسٹ کپتان مصباح الحق کی ٹیم نے میچ کھلانے پر اعتراض کر دیا، ذرائع کے مطابق نیپال میں جاری لیگ میں شریک ٹیم سورو کھیم رائنلز نے خراب آؤٹ فیلڈ پر اعتراض اٹھایا، مصباح الحق کا کہنا تھا کہ کھلاڑیوں کی حفاظت کو خطرے میں نہیں ڈال سکتے۔ مصباح الحق نے گیلی آؤٹ فیلڈ اور لائٹ ٹاور کی خرابی پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے میچ کی اننگ پانچ اوور تک محدود کرنے کے فیصلے پر احتجاج کیا، طویل مذاکرات کے بعد میچ کھیلا گیا، برات نگر کنگز نے سورو کھیم رائنلز کو 35 رنز سے ہرا دیا۔ دوسری جانب مصباح الحق نے کہا کہ ان کی ٹیم کے کپتان کو میچ کے بعد تقریب میں مدعو نہیں کیا گیا، قبل ازیں پاکستان اور نیپال کرکٹ بورڈ کے درمیان نیپال پریمیئر لیگ میں پاکستانی کھلاڑیوں کی شرکت کے لیے 25 ہزار ڈالر فی کس فیس طلب کیے جانے پر بھی تنازع پیدا ہوا تھا۔ نیپالی کرکٹ بورڈ کے صدر نے کہا کہ پی سی بی کا عین موقع پر فیس کا مطالبہ سمجھ سے بالاتر ہے، دوسری جانب پی سی بی ذرائع کے مطابق یہ فیس کھلاڑیوں سے نہیں بلکہ ان کی فرنچائزز سے طلب کی گئی۔



ایڈیلیڈ اسٹرائیکرز میں شمولیت کیلئے پرجوش ہوں، حارث رؤف

لاہور (این این آئی) پاکستان کے فاسٹ بولر حارث رؤف نے کہا ہے کہ میں ایڈیلیڈ اسٹرائیکرز میں شمولیت کے لیے پرجوش ہوں۔ ایک بیان میں حارث رؤف نے کہا کہ ایڈیلیڈ اوول دنیا کا ایک بہترین وینیو ہے اور میں وہاں ہمیشہ لطف اندوز ہوا ہوں۔ دوسری جانب ایڈیلیڈ اسٹرائیکرز کے کوچ ٹم پین نے بتایا کہ حارث رف ایک میچ ونر ہیں جنہوں نے انٹرنیشنل سطح پر فارم کیا ہوا ہے۔ یاد رہے کہ فاسٹ بولر حارث رؤف کا بگ بیش لیگ کے لیے ایڈیلیڈ اسٹرائیکرز سے معاہدہ ہو گیا ہے۔ حارث رؤف نے بی بی ایل کے 5 سیزنز میں میلبرن اسٹارز کی نمائندگی کی جبکہ وہ اب پہلی مرتبہ ایڈیلیڈ اسٹرائیکرز کی جانب سے کھیلیں گے۔ انگلینڈ کے بین اسٹوکس اور نیوزی لینڈ کے مارک چیپمین بھی اسٹرائیکرز کا حصہ ہیں۔ حارث رؤف بی بی ایل میں اب تک 56 وکٹیں حاصل کر چکے ہیں۔

ٹینس بال کرکٹ گلی محلوں سے عالمی شہرت تک پہنچا سکتی ہے، محمد فیصل الٰہی

خالق نگر (این این آئی) معروف کرکٹر اور کرکٹ کنسلٹنٹ محمد فیصل الٰہی نے کہا ہے کہ دنیا کے مقبول ترین کھیلوں میں شمار ہونے والی کرکٹ کو برصغیر پاک و ہند میں جو غیر معمولی مقبولیت حاصل ہوئی، اس کی ایک بڑی وجہ ٹینس بال کرکٹ ہے۔ محدود وسائل، چھوٹے میدانوں اور گلی محلوں سے جنم لینے والا یہ کھیل محض تفریح کا ذریعہ نہیں بلکہ نوجوانوں کی صلاحیتوں، محنت اور باہمی اتحاد کی ایک خوبصورت مثال ہے۔ ان خیالات کا اظہار محمد فیصل الٰہی نے سینئر صحافی ایم بی ہاشمی سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور بھارت میں روایتی کرکٹ کا سامان مہنگا ہونے کی وجہ سے نوجوانوں نے نرم ٹینس بال اور عام بلے کے استعمال سے اس کھیل کو عوامی سطح پر پھیلا دیا۔ وقت گزرنے کے ساتھ ٹینس گیند پر الیکٹرک ٹیپ لپیٹ کر "ٹیپ بال کرکٹ" کا نیا انداز سامنے آیا، جس نے فاسٹ بولرز کو اپنی رفتار اور سوئنگ دکھانے کا نیا موقع دیا۔ بالخصوص کراچی، لاہور، فیصل آباد اور راولپنڈی جیسے شہروں میں رمضان المبارک کے دوران فلڈ لائٹس میں ہونے والے نائٹ ٹورنامنٹس نے اس کھیل کو ایک منفرد اور مضبوط عوامی روایت بنا دیا ہے۔ محمد فیصل الٰہی کا کہنا تھا کہ اتنی مقبولیت کے باوجود ٹینس بال کرکٹ کو منظم انتظامی ڈھانچے اور یکساں قوانین کی کمی کا سامنا ہے۔ مختلف علاقوں میں اوورز، گیند کے معیار اور باؤنڈری کے قوانین الگ الگ ہیں۔

ہاکی کا مستقبل روشن ہے، سہولتوں کی کوئی کمی نہیں، محی الدین وانی

ہمیں جیت کیلئے ٹارگٹ سیٹ کرنا ہوگا، صدر پی ایچ ایف کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر محی الدین وانی نے کہا ہے کہ قومی کھیل ہاکی کا مستقبل روشن ہے، نوجوان کھلاڑی جدید ہاکی کھیل کر انٹرنیشنل ہاکی کے سرکٹ میں ملک کا نام روشن کر سکتے ہیں، سہولتوں کی کوئی کمی نہیں، ہمیں جیت کیلئے ٹارگٹ سیٹ کرنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزارت بین الصوبائی رابطہ میں راولپنڈی ڈسٹرکٹ ہاکی ایسوسی ایشن کے صدر ظہیر الحق، ذوالفقار بیگ، آر ڈی ایچ اے کے خازن محمد زاہد، سے ملاقات کے دوران کیا۔ محی الدین وانی نے کہا کہ موجودہ حکومت کی موثر پالیسیوں کی بدولت ہاکی کو گراس روٹ پر پروموٹ کیا جا رہا ہے ہاکی کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور قومی اور بین الاقوامی مقابلوں کا انعقاد کیا جا رہا ہے سکول کے طالب علموں کو چاہیے کہ وہ جدید ہاکی سے آگاہی حاصل کریں فیڈریشن ہر ممکن تعاون کو یقینی بنائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہے بعد ازاں پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر محی الدین وانی نے سکول کے طالب علموں کو ہاکیاں اور دیگر سامان جبکہ ایسوسی ایشن کی جانب سے پاکستان میں ہاکی کے فروغ کے لئے پیش کی جانے والی خدمات پر شیلڈ پیش کی۔

☆☆☆

CamScanner

1 تصویر
ہائیڈروجن سے توانائی حاصل کرنے والے ایسے کار خریدنے والوں کی تعداد 2050ء تک 2010ء کے مقابلے میں 70 فیصد بڑھ جائے گی۔

2 تصویر
ہم تم تو ٹوٹی امنگوں جیسا رہ جانے والا

3 تصویر
ٹیکنالوجی کے ذریعے ہونے والی تبدیلی کی رفتار اتنی تیز ہے کہ ہمارے تعلیمی نظام کو اس کے ساتھ چلنے میں مشکل پیش آ رہی ہے۔

4 تصویر
ڈیجیٹل ورلڈ انکارپوریٹڈ کے شریک بانی اور سی ای او ڈاکٹر ایلن ٹیلر نے کہا کہ ہم نے ایسے ہزاروں طلبہ دیکھے ہیں جو ذہین ہیں، محنت کرتے ہیں، لیکن ان کے پاس کوئی ایسا راستہ نہیں جو انہیں ان کی صلاحیتوں کے مطابق مواقع تک لے جائے۔

5 تصویر
ہمارے کام کے نتائج ہمیں بتاتے ہیں کہ ہمیں کہاں توجہ دینی ہے اور کہاں نہیں۔

6 تصویر
کیلیفورنیا کی آبادی میں کمی کا رجحان

7 تصویر
یہ بات ہمارے تجزیہ کار اکثر کہتے ہیں کہ ٹیکنالوجی کی تبدیلی کی رفتار کبھی اتنی تیز نہیں رہی جتنی اب ہے، یہاں تک کہ ہر نئی نسل کو پہلے سے مختلف دنیا کے لیے تیار ہونا پڑتا ہے۔

8 تصویر
ڈاکٹر نیلم نے اپنی تحقیق میں

9 تصویر
ان کے مطابق

10 تصویر
ہمارے ہاں ایسے بچوں کی تعداد لاکھوں میں ہے جو ذہین ہیں، محنت کرتے ہیں، لیکن ان کے پاس کوئی ایسا راستہ نہیں جو انہیں ان کی صلاحیتوں کے مطابق مواقع تک لے جائے۔

11 تصویر
ہمارے کام کے نتائج ہمیں بتاتے ہیں کہ ہمیں کہاں توجہ دینی ہے اور کہاں نہیں۔

12 تصویر
ہمارے ہاں ایسے بچوں کی تعداد لاکھوں میں ہے جو ذہین ہیں، محنت کرتے ہیں، لیکن ان کے پاس کوئی ایسا راستہ نہیں جو انہیں ان کی صلاحیتوں کے مطابق مواقع تک لے جائے۔

13 تصویر
ہم نے

14 تصویر
کہ ہم نے

15 تصویر
ٹیکنالوجی کی تبدیلی کی رفتار اتنی تیز ہے کہ ہمارے تعلیمی نظام کو اس کے ساتھ چلنے میں مشکل پیش آ رہی ہے۔

16 تصویر
ڈاکٹر نیلم نے اپنی تحقیق میں

17 تصویر
ان کے مطابق

18 تصویر
ہمارے ہاں ایسے بچوں کی تعداد لاکھوں میں ہے جو ذہین ہیں، محنت کرتے ہیں، لیکن ان کے پاس کوئی ایسا راستہ نہیں جو انہیں ان کی صلاحیتوں کے مطابق مواقع تک لے جائے۔

19 تصویر
ہمارے کام کے نتائج ہمیں بتاتے ہیں کہ ہمیں کہاں توجہ دینی ہے اور کہاں نہیں۔

20 تصویر
ہم نے

21 تصویر
کہ ہم نے

22 تصویر
ٹیکنالوجی کی تبدیلی کی رفتار اتنی تیز ہے کہ ہمارے تعلیمی نظام کو اس کے ساتھ چلنے میں مشکل پیش آ رہی ہے۔

23 تصویر
ڈاکٹر نیلم نے اپنی تحقیق میں

24 تصویر
ان کے مطابق

25 تصویر
ہمارے ہاں ایسے بچوں کی تعداد لاکھوں میں ہے جو ذہین ہیں، محنت کرتے ہیں، لیکن ان کے پاس کوئی ایسا راستہ نہیں جو انہیں ان کی صلاحیتوں کے مطابق مواقع تک لے جائے۔

26 تصویر
ہمارے کام کے نتائج ہمیں بتاتے ہیں کہ ہمیں کہاں توجہ دینی ہے اور کہاں نہیں۔

27 تصویر
ہم نے

28 تصویر
کہ ہم نے

29 تصویر
ٹیکنالوجی کی تبدیلی کی رفتار اتنی تیز ہے کہ ہمارے تعلیمی نظام کو اس کے ساتھ چلنے میں مشکل پیش آ رہی ہے۔

30 تصویر
ڈاکٹر نیلم نے اپنی تحقیق میں

31 تصویر
ان کے مطابق

32 تصویر
ہمارے ہاں ایسے بچوں کی تعداد لاکھوں میں ہے جو ذہین ہیں، محنت کرتے ہیں، لیکن ان کے پاس کوئی ایسا راستہ نہیں جو انہیں ان کی صلاحیتوں کے مطابق مواقع تک لے جائے۔

33 تصویر
ہمارے کام کے نتائج ہمیں بتاتے ہیں کہ ہمیں کہاں توجہ دینی ہے اور کہاں نہیں۔

34 تصویر
ہم نے

35 تصویر
کہ ہم نے

36 تصویر
ٹیکنالوجی کی تبدیلی کی رفتار اتنی تیز ہے کہ ہمارے تعلیمی نظام کو اس کے ساتھ چلنے میں مشکل پیش آ رہی ہے۔

37 تصویر
ڈاکٹر نیلم نے اپنی تحقیق میں

38 تصویر
ان کے مطابق

39 تصویر
ہمارے ہاں ایسے بچوں کی تعداد لاکھوں میں ہے جو ذہین ہیں، محنت کرتے ہیں، لیکن ان کے پاس کوئی ایسا راستہ نہیں جو انہیں ان کی صلاحیتوں کے مطابق مواقع تک لے جائے۔

40 تصویر
ہمارے کام کے نتائج ہمیں بتاتے ہیں کہ ہمیں کہاں توجہ دینی ہے اور کہاں نہیں۔

41 تصویر
ہم نے

42 تصویر
کہ ہم نے

43 تصویر
ٹیکنالوجی کی تبدیلی کی رفتار اتنی تیز ہے کہ ہمارے تعلیمی نظام کو اس کے ساتھ چلنے میں مشکل پیش آ رہی ہے۔

44 تصویر
ڈاکٹر نیلم نے اپنی تحقیق میں

45 تصویر
ان کے مطابق

46 تصویر
ہمارے ہاں ایسے بچوں کی تعداد لاکھوں میں ہے جو ذہین ہیں، محنت کرتے ہیں، لیکن ان کے پاس کوئی ایسا راستہ نہیں جو انہیں ان کی صلاحیتوں کے مطابق مواقع تک لے جائے۔

47 تصویر
ہمارے کام کے نتائج ہمیں بتاتے ہیں کہ ہمیں کہاں توجہ دینی ہے اور کہاں نہیں۔

48 تصویر
ٹیکنالوجی کی تبدیلی کی رفتار اتنی تیز ہے کہ ہمارے تعلیمی نظام کو اس کے ساتھ چلنے میں مشکل پیش آ رہی ہے۔

49 تصویر
ڈاکٹر نیلم نے اپنی تحقیق میں

50 تصویر
ان کے مطابق

51 تصویر
ہمارے کام کے نتائج ہمیں بتاتے ہیں کہ ہمیں کہاں توجہ دینی ہے اور کہاں نہیں۔

CamScanner

2050 تک اسلام دنیا کا سب سے بڑا مذہب بن جائیگا، ریسرچ رپورٹ

سال 2050 میں یورپ میں مسلم آبادی 7.2 فیصد تک رہنے کی امید ہے جو سال 2010 میں بھی 7.2 فیصد ہی تھی

2050 میں ہندوستان میں مسلمانوں کی آبادی 310 ملین سے زیادہ ہوجائے گی اور وہ دنیا میں سب سے زیادہ مسلم آبادی والا ملک ہوجائیگا

لاہور (نمائندہ خصوصی) اگلے 25 سال میں پوری دنیا میں اسلام کا غلبہ ہوگا اور یہ سب سے بڑا مذہب بن جائے گا۔ معروف بین الاقوامی ریسرچ انسٹی ٹیوٹ پیو نے ایک نئی ریسرچ کی ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ 2050 تک اسلام دنیا کا سب سے بڑا مذہب بن جائے گا۔ پیو ریسرچ سینٹر کے دی فیوچر آف ورلڈ ریلیجنز (عالمی مذاہب کا مستقبل) کے مطابق اس ادارے نے اپنی تحقیق میں اس بات کا اندازہ لگایا ہے کہ اس صدی کے وسط 2050 تک اسلام دنیا کا سب سے زیادہ پیروی کرنے والا مذہب بن جائے گا۔ اس کے ساتھ ہی رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ 2050 میں ہندوستان میں مسلمانوں کی آبادی 310 ملین سے زیادہ ہو جائے گی اور وہ دنیا میں سب سے زیادہ مسلم آبادی والا ملک ہو جائے گا۔ سال 2050 میں بھارت کی مجموعی آبادی کا 77 فیصد ہندو کے بعد مسلمان 18 فیصد کے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)



اسلام آباد پولیس کے تعاون سے شہر میں ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی واک کا انعقاد کیا جا رہا ہے

عاصم عزیز کے بیان پر عبداللہ سٹی متاثرین کا سخت ردِعمل

انتظامیہ پر عدم اعتماد کا اظہار، ہمیں مزید وعدے اور یقین دہانیاں نہیں

فوری تحقیقات، متاثرین کے سرمائے کے تحفظ اور رقوم کی واپسی کے لیے قانونی اقدامات کا مطالبہ

راولپنڈی (خاف رپورٹ) عبداللہ سٹی متاثرین کی کور کمیٹی ممبران ذوالفقار علی راجہ، چوہدری اویس اور ملک نصیر محمد عمران خان، ملک مولا بخش، چوہدری معظم اقبال نے اپنے مشترکہ بیان میں چیئرمین عبداللہ سٹی عاصم عزیز کے مقامی اخبار میں شائع ہونے والے بیان پر سخت ردعمل اور انتظامیہ پر عدم اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ عبداللہ سٹی کے متاثرین برسوں سے اپنی حق حلال کی جمع پونجی، پلاٹس، قبضوں اور قانونی حقوق کے حصول کے لیے پریشان ہیں، جبکہ انتظامیہ کی جانب سے مسلسل دعووں اور یقین دہانیوں کے باوجود متاثرین کے بنیادی مسائل حل نہیں ہوسکے۔ متاثرین کا کہنا ہے کہ اب عوام مزید وعدوں اور نئی تاریخوں پر اعتماد کرنے کے لیے تیار نہیں، انہیں اپنی جمع شدہ رقوم واپس چاہییں۔ کور کمیٹی نے چیئرمین عاصم عزیز سے چار اہم سوالات اٹھاتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سب سے پہلے وہ کسی ایک الاٹی کو بھی اس کے پلاٹ کی باقاعدہ قانونی رجسٹری (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

پاکستان، سری لنکا ٹیسٹ میچ کے لیے راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں سکیورٹی و ٹریفک کے سخت انتظامات

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) سی پی او راولپنڈی حسن مشتاق سکھیرا نے راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم کے سکیورٹی اور ٹریفک انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے پاکستان اور سری لنکا کے درمیان ٹیسٹ میچ کے حوالے سے تمام سکیورٹی ڈیوٹیز چیک کیں اور افسران و اہلکاروں کو فول پروف سکیورٹی یقینی بنانے کی ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر ایس ایس پی آپریشنز، ایس پی راول، ایس پی پوٹھوہار اور دیگر افسران نے سی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)



9 نومبر سقوط ڈیرہ اسماعیل خان کے حوالے سے سرائیکستان وطن پارٹی کی طرف سے چیئرمین ظہور دھریجہ کی قیادت میں بستی حاجی عظیم بخش خان دھریجہ رحیم یار خان میں احتجاجی مظاہرہ اور وائسرائے ہند لارڈ کرزن کا پتلا نذر آتش کیا جا رہا ہے۔

تھرپارکر کے مستحق خاندانوں کو اضافی مالی امداد دینے کا منصوبہ، روبینہ خالد

خشک سالی سے متاثرہ غریب خاندانوں کی مدد کے لیے بی آئی ایس پی ڈیٹا استعمال ہوگا، شکایات کے ازالے کے لیے ڈپٹی کمشنر آفس میں کنٹرول روم قائم کیا جائے گا

احتساب کا عمل شروع کر دیا گیا ہے اور بدعنوانی یا ناجائز کٹوتیوں میں ملوث کسی شخص کو معاف نہیں کیا جائے گا، چیئرپرسن بی آئی ایس پی

میرپور خاص (نمائندہ خصوصی) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے کہا ہے کہ تھرپارکر میں خشک سالی کی صورتحال کے پیش نظر سندھ حکومت نے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ڈیٹا بیس کی بنیاد پر مستحق خاندانوں کو اضافی مالی امداد فراہم کرنے کا منصوبہ تیار کیا ہے، جس کے تحت پورے ضلع میں غریب اور مستحق خاندانوں کی ہر ممکن مالی معاونت یقینی بنائی جائے گی۔ وہ پیر کے روز ڈپٹی کمشنر آفس مٹھی کے کانفرنس ہال میں میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کر رہی تھیں۔ انہوں نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ مستحق افراد کا سروے پہلے ہی مکمل ہو چکا ہے، جس کے تحت 32 سے کم اسکور رکھنے والے افراد کو مالی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ اگر سندھ حکومت اسکور کی حد 32 سے بڑھاتی ہے تو مستحقین کی تعداد میں بھی اضافہ ہو جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ صوبائی حکومت کی جانب سے دی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)



دی یونیورسٹی آف پاکستان کے وائس چانسلر علی شیر کا تقریب کے موقع پر طلبا کے ہمراہ گروپ فوٹو

ساؤتھ ایئر کی پہلی پرواز پشاور سے لاہور پہنچ گئی

وزیر اعلیٰ پنجاب کی طرف سے سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے فیصل کریم کنڈی، مسافروں کا استقبال کیا

ماضی کی دو صوبوں کی تلخیوں کو ختم کرنے آئے ہیں، پشاور، لاہور میں محبت اور روابط کا سلسلہ بڑھے گا، گورنر خیبر پی کے

لاہور (نمائندہ خصوصی) ساؤتھ ایئر کی پہلی پرواز پشاور سے لاہور پہنچ گئی گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی پہلی پرواز کے ذریعے پشاور سے لاہور پہنچے جہاں سینئر وزیر پنجاب مریم اورنگزیب نے ان کا استقبال کیا۔ مریم اورنگزیب نے ساؤتھ ایئر کی پشاور سے لاہور پہلی پرواز کے مسافروں کو بھی خوش آمدید کہا۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے گورنر فیصل کریم کنڈی کو خوش آمدید کہا۔ یہ سوچ آئی کہ خیبر پختونخوا کے عوام کو لاہور آنا ہوتا ہے اس لئے ہم بھی پشاور سے لاہور پرواز کے ایک تاریخی لمحے کا حصہ بنے۔ پنجاب، خیبر پختونخوا، میں محبت کی بنیاد رکھنے پر فیصل کریم کنڈی کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز سے اظہار تشکر کرتا ہوں جنہوں نے پشاور، لاہور پرواز میں مدد کی۔ یہ پرواز نہیں دو صوبوں کا ملاپ ہے، ماضی کی دو صوبوں (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

وزیراعظم مہنگائی خاتمے کا پختہ عزم رکھتے ہیں

جس کی تکمیل کیلئے بھرپور اقدامات اٹھائے گئے ہیں، چاندنی بی بی

کارکردگی میں کسی دوسرے صوبے سے موازنہ نہیں کیا جاسکتا، سینئر رہنما مسلم لیگ

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) شعبہ خواتین اسلام آباد NA-47 کی جنرل سیکرٹری و سابق ممبر میٹروپولیٹن کارپوریشن چاندنی بی بی نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ حکومت مہنگائی کا خاتمہ کرنے کا پختہ عزم رکھتی ہے جس کی تکمیل کیلئے بھرپور اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔ سابق ادوار حکومت کی طرح موجودہ دور حکومت میں بھی مسلم لیگ (ن) نے عملی عوامی خدمت سے خود کو حقیقی عوامی دوست سیاسی جماعت ثابت کیا ہے۔ حکومت مخالف سازشیں کرنے والے ناکامی سے دوچار ہیں کیونکہ پاکستانی قوم مسلم لیگ (ن) کی قیادت پر بھرپور اعتماد رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مفادات کی خاطر اپنی سیاست قربان کر کے قائد نواز شریف اور وزیراعظم شہباز شریف نے ثابت کیا کہ وہ حقیقی محب وطن لیڈر ہیں اور ملک وقوم کے مفاد کیلئے ہر قربانی دینے کا حوصلہ رکھتے ہیں، جس طرح مسلم لیگ (ن) نے ملک کو ڈیفالٹ ہونے سے بچایا اسی طرح مربوط لائحہ عمل کے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

پاکستان، سری لنکا ٹیسٹ میچ، راولپنڈی پولیس کے 6 ہزار اہلکار سکیورٹی و ٹریفک ڈیوٹی پر تعینات

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں پاکستان اور سری لنکا کے درمیان ٹیسٹ میچ کے لیے سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کی ہدایات پر راولپنڈی پولیس نے موثر سکیورٹی اور ٹریفک انتظامات کیے ہیں۔ سی پی او کے مطابق تقریباً 6 ہزار پولیس افسران و اہلکار سکیورٹی اور ٹریفک کے فرائض انجام دے رہے ہیں، جبکہ سینئر افسران فیلڈ میں فورس کو چیک کرنے کے ساتھ بریفنگ بھی دے رہے ہیں۔ اسٹیڈیم کے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)


صوبائی وزیر چوہدری شافع حسین کا چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے وفد کے ہمراہ ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

سرمایہ کاروں کا مشترکہ پرائیویٹ ایکویٹی فنڈ کے قیام پر اتفاق

سعودی پاکستان پرائیویٹ ایکویٹی فنڈ کا ابتدائی حجم کئی سو ملین ڈالر رکھنے کی تجویز، 75 فیصد سرمایہ پاکستان اور 25 فیصد سعودی عرب کے منصوبوں میں لگایا جائے گا

حجم مزید بڑھانے کا ارادہ ہے۔ فنڈ زراعت، کان کنی، تعمیرات اور دیگر تیزی سے ترقی کرنے والے شعبوں کے نجی کاروباروں میں سرمایہ کاری کرے گا

کراچی (نمائندہ خصوصی) سعودی اور پاکستانی سرمایہ کاروں نے مشترکہ سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے سعودی پاکستان پرائیویٹ ایکویٹی فنڈ کے قیام کی غرض سے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر دیے۔ فنڈ کا ابتدائی حجم کئی سو ملین ڈالر رکھنے کی تجویز ہے، جبکہ اس میں دونوں ممالک کے نجی سرمایہ کار مساوی حصہ ڈالیں گے۔ فنڈ کی 75 فیصد سرمایہ کاری پاکستان اور 25 فیصد سعودی عرب کے منصوبوں میں کی جائے گی۔ مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب سعودی پاکستان جوائنٹ بزنس کونسل (SPJBC) کے زیر اہتمام منعقد ہوئی، جس میں دونوں ممالک سے کونسل کے اراکین نے شرکت کی۔ پاکستان کی جانب سے کونسل کے شریک چیئرمین اور فاطمہ گروپ کے چیئرمین فواد مختار نے ورچوئلی شرکت کی، جبکہ دی بینک آف پنجاب کے صدر وسی ای او ظفر مسعود، حبیب بینک لمیٹڈ کے صدر وسی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)


کراچی، بیس کالج کی تقریب میں ڈاکٹر وزیر احمد اور دیگر صوبائی وزیر راحیلہ درانی کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں

علامہ اقبال کے افکار پر عمل سے ملک ترقی پر گامزن ہو سکتا ہے، فرح ناز اکبر

فلسفے کے ذریعے برصغیر کے مسلمانوں میں بیداری کی روح پھونکی، مسلم لیگی رہنما و پارلیمانی سیکرٹری

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) شعبہ خواتین اسلام آباد کی صدر و رکن قومی اسمبلی و وفاقی پارلیمانی سیکرٹری قومی ورثہ و ادب فرح ناز اکبر نے مفکر پاکستان، شاعر مشرق ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کے یوم پیدائش کے موقع پر اپنے خصوصی بیان میں کہا ہے کہ علامہ اقبال نے اپنی شاعری اور فلسفے کے ذریعے برصغیر کے مسلمانوں میں بیداری کی روح پھونکی اور ایک آزاد اسلامی ریاست کا تصور پیش کیا۔ علامہ اقبال کا پیغام خودی، اتحاد اور عمل آج بھی ہمارے لئے مشعل راہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل کو چاہیے کہ وہ علامہ اقبال کے کلام کا مطالعہ کرے اور ان کے افکار کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنائے اور موجودہ ملکی حالات کا تقاضا ہے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

حکومت ملک کو معاشی استحکام کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے اقدامات کر رہی ہے، شاہدہ قدیر

قومی مفاد کے معاملات میں تمام سیاسی جماعتوں کو تعمیری کردار ادا کرنا چاہیے، سینیئر مسلم لیگی رہنما

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) اسلام آباد کی سینئر رہنما بیگم شاہدہ قدیر نے جاری اپنے بیان میں کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ملک کو معاشی استحکام کی راہ پر گامزن کرنے، قومی ترقی کے عمل کو تیز کرنے اور عوام کو درپیش مسائل میں کمی لانے کیلئے متعدد اہم اقدامات کر رہے ہیں جن کے مثبت نتائج سامنے لانے کیلئے مسلسل، موثر نگرانی اور اداروں کا باہمی تعاون ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں حکومت کو مشکل معاشی حالات، مہنگائی، توانائی کے شعبے کے مسائل اور عالمی معاشی دباؤ جیسے چیلنجز کا سامنا ہے تاہم حکومت معیشت کی بہتری، سرمایہ کاری (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن

پانچ ملزمان گرفتار، 8 کلو سے زائد چرس برآمد، تفتیش شروع

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) راولپنڈی پولیس نے منشیات کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے پانچ منشیات سپلائرز کو گرفتار کر کے 8 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی اور ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے۔ تفصیلات کے مطابق روات پولیس نے ایک منشیات سپلائر کو گرفتار کر کے 2 کلو 600 گرام چرس برآمد کی، ٹیکسلا پولیس نے دو منشیات سپلائرز کو گرفتار کر کے 2 کلو 360 گرام چرس، جاتلی پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے ایک کلو 800 گرام چرس جبکہ دھمیال پولیس نے ایک منشیات سپلائر کو گرفتار کر کے ایک کلو 450 گرام چرس برآمد کی۔ پولیس حکام کے مطابق منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

شجر کاری بہتر بنانے کیلئے ناموزوں پودوں کی منتقلی اور نئے پودے لگانے کا فیصلہ

سرسبز اور خوبصورت بنانے کے ساتھ ماحولیاتی آلودگی میں بھی کمی لائی جا سکے

اٹک (سٹی رپورٹر) ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر مدثر احمد شاہ کی ہدایات پر اٹک شہر میں شجر کاری کے عمل کو بہتر بنانے کے لیے تین میل روڈ اور کامرہ روڈ پر ناموزوں پودوں کو دوسری جگہ منتقل کر کے مقامی آب و ہوا سے مطابقت رکھنے والے نئے پودے لگائے جا رہے ہیں۔ پہلے سے موجود پودوں کو ضائع کرنے کے بجائے سرکاری اور عوامی پارکس میں منتقل کیا جا رہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ محکمے کو ہدایت کی ہے کہ نئے پودوں کی مناسب دیکھ بھال، پانی کی فراہمی اور نشوونما یقینی بنائی جائے تاکہ اٹک شہر کو سرسبز اور خوبصورت بنانے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)


قائمقام گورنر پنجاب ملک محمد احمد خان شاعر مشرق علامہ اقبال کے مزار پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

چکوال، ٹرک کی موٹر سائیکل کو ٹکر، خاتون ٹرک تلے کچل کر جاں بحق

حادثہ اس وقت پیش آیا جب ٹرک نے موٹر سائیکل کو پیچھے سے ٹکر ماری

چکوال (سٹی رپورٹر) چکوال کے نواحی گاؤں خارہ کے قریب ٹرک اور موٹر سائیکل کے درمیان تصادم کے نتیجے میں 45 سالہ خاتون ٹرک کے ٹائر تلے آ کر جاں بحق ہوگئی۔ ریسکیو 1122 کے اہلکاروں نے جائے حادثہ پر پہنچ کر صورتحال کا جائزہ لیا، تاہم خاتون شدید نوعیت کی چوٹوں کے باعث موقع پر ہی دم توڑ چکی تھیں۔ ریسکیو اہلکاروں کے مطابق حادثہ اس وقت پیش آیا جب ٹرک نے موٹر سائیکل کو پیچھے سے ٹکر ماری، جس کے نتیجے میں موٹر سائیکل پر سوار خاتون ٹرک کے پہیے آگئیں۔ جاں بحق خاتون کی شناخت ناصر حمید کی اہلیہ، عمر 45 سال، سکنہ گاؤں خانپور کے نام سے ہوئی۔ ریسکیو اہلکاروں نے ضروری کارروائی کے بعد میت کو ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتال چکوال منتقل کر دیا۔

ڈی پی او چکوال کا تھانہ نیلہ کا اچانک دورہ، ریکارڈ اور انتظامی امور کا جائزہ

عوام کو سہولیات اور انصاف کی بروقت فراہمی پولیس کی اولین ترجیح ہے

چکوال (سٹی رپورٹر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال محمد عاصم نے تھانہ نیلہ کا اچانک دورہ کیا، جہاں انہوں نے تھانے کا ریکارڈ، روزنامچہ، حوالات، مال خانہ، فرنٹ ڈیسک اور دیگر انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا اور تھانے میں فراہم کی جانے والی سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔ ڈی پی او نے ڈیوٹی پر موجود عملے کو ہدایت کی کہ تھانے آنے والے ہر شہری کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں اور ان کے مسائل میرٹ پر حل کریں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو سہولیات اور انصاف کی بروقت فراہمی پولیس کی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)


ریسکیو 1122 کی فائر بریگیڈ ٹیم ریلوے اسٹیشن پر کھڑی ناکارہ بوگی میں لگنے والی آگ کو بجھانے میں مصروف ہیں

اللہ کی نعمتوں کا شکر ادا کرنے کے لیے اتباعِ رسولؐ ضروری ہے

ہم اللہ کا شکر کیسے ادا کر رہے ہیں اور کیا ہم اس کی اتباع کر رہے ہیں؟ امیر عبدالقدیر اعوان

چکوال (سٹی رپورٹر) تنظیم الاخوان پاکستان کے سربراہ اور شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ امیر عبدالقدیر اعوان نے کہا ہے کہ اللہ کریم نے اس کرہ ارض پر تمام مخلوقات کو انسان کی خدمت پر لگا رکھا ہے، جو دن رات اشرف المخلوقات کے لیے کام کر رہی ہیں۔ ظاہری نعمتوں کے ساتھ ساتھ باطنی نعمتوں کے لیے انبیائے کرام مبعوث فرمائے گئے، جو ہمیں اس دنیا سے آگے کی خبر دیتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مرکز دارالعرفان منارہ میں دو روزہ ماہانہ روحانی اجتماع سے واشنگٹن، امریکہ سے ویڈیو لنک کے ذریعے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ اللہ کریم خالق ہیں اور وہ بہتر جانتے ہیں کہ کس کو کتنی استعداد اور کیا مقام عطا کرنا ہے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

ڈھوڈا کے قریب موٹر سائیکل اور ٹریکٹر ٹرالی میں تصادم 25 سالہ نوجوان جاں بحق

گاؤں کے قریب تیز رفتاری کے باعث موٹر سائیکل سامنے سے آنے والی ٹریکٹر ٹرالی سے ٹکرا گئی

چکوال (سٹی رپورٹر) ڈھوڈا گاؤں کے قریب موٹر سائیکل اور ٹریکٹر ٹرالی کے درمیان تصادم کے نتیجے میں 25 سالہ نوجوان جاں بحق ہوگیا۔ حادثے میں جاں بحق ہونے والے نوجوان کی شناخت اسد بشیر ولد بشیر احمد، عمر 25 سال، سکنہ ڈھوک نیازیاں، ڈھوڈا گاؤں ضلع چکوال کے نام سے ہوئی۔ ریسکیو 1122 کو اطلاع ملی کہ ڈھوڈا گاؤں کے قریب تیز رفتاری کے باعث موٹر سائیکل سامنے سے آنے والی ٹریکٹر ٹرالی سے ٹکرا گئی، جس کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار نوجوان شدید زخمی ہوگیا۔ ریسکیو اہلکاروں نے موقع پر پہنچ کر نوجوان کی حالت کا جائزہ لیا، تاہم شدید نوعیت کی چوٹوں کے باعث وہ جانبر نہ ہو سکا۔ ریسکیو اہلکاروں نے میت دھو (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)


جمعیت اسلامیہ پاکستان کے سربراہ علامہ غلام اکبر ساقی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

شاعر مشرق علامہ اقبال کا یوم ولادت ملی جوش و جذبے سے منایا گیا

مزار اقبال پر گارڈز تبدیلی کی پروقار تقریب، پاک بحریہ نے فرائض سنبھال لیے، قائمقام گورنر کی حاضری

علامہ اقبال کا فلسفہ خودی، خودداری اور قومی اتحاد آج بھی پاکستان کیلئے مشعل راہ ہے، ملک محمد احمد خان

لاہور (نمائندہ خصوصی) حکیم الامت شاعر مشرق مفکر پاکستان علامہ محمد اقبال کا 149 واں یوم ولادت ملی جوش و جذبے سے منایا گیا۔ مزار اقبال پر گارڈز کی تبدیلی کی پروقار تقریب منعقد ہوئی جہاں پاکستان رینجرز کی جگہ پاک بحریہ کے دستے نے مزار اقبال پر اعزازی گارڈز کے فرائض سنبھال لیے۔ پاکستان نیوی کے فلیگ آفیسر کمانڈنگ لاہور کموڈور مصباح الامین نے مزار اقبال پر پھول چڑھائے اور فاتحہ خوانی کی۔ مہمان خصوصی نے پاکستان رینجرز اور بحریہ کے دستوں کا معائنہ کیا اور مزار اقبال پر مہمانوں کی کتاب میں تاثرات قلمبند کیے۔ قائمقام گورنر پنجاب ملک محمد احمد خان نے بھی شاعر مشرق علامہ محمد اقبال کے مزار پر حاضری دی، پھول رکھے اور فاتحہ خوانی کی۔ ملک محمد احمد خان نے علامہ اقبال کو خراج عقیدت پیش کیا اور ملک و قوم کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے دعا کی۔ قائمقام گورنر ملک محمد ا (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)


افسانوی لوب کے دو نئے مجموعوں کی تعارفی تقریب کے موقع پر شرکا کا گروپ فوٹو

مریم نواز کے پنجاب میں کرپشن کیلئے کوئی جگہ نہیں

بے بنیاد الزام تراشی کرنے والے بھی اپنے دعوؤں کی حقیقت جانتے ہیں، ملک سجاد

تعمیر ریاست کیلئے ایوانوں اور میدانوں میں اصولی اور تعمیری ریاست کو فروغ دیا جائے


اسلام آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) اسلام آباد کے سینئر رہنما و سابق یو سی چیئرمین ملک سجاد نے جاری اپنے بیان میں کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے پنجاب میں کرپشن کیلئے کوئی جگہ نہیں، بے بنیاد الزام تراشی کرنے والے بھی جانتے ہیں کہ ان کے دعوے کھوکھلے ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب کی قیادت میں پنجاب میں شفافیت، میرٹ اور موثر طرز حکمرانی کو فروغ دیا جا رہا ہے، بے بنیاد الزامات کے بجائے عملی کارکردگی اور عوامی خدمت کو اہمیت دی جانی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ صنعتی ترقی، جدید ٹیکنالوجی اور مقامی مینوفیکچرنگ کا فروغ ملکی معیشت کے استحکام کیلئے ناگزیر ہے، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں صوبائی حکومت عوام کی فلاح و بہبود، سہولیات کی فراہمی اور صوبے کو تعمیر و ترقی و خوشحالی کے راہ پر گامزن کرنے کیلئے مختلف شعبوں میں اقدامات کر رہی ہے، حکومت کی ترجیحات میں عام آدمی کو ریلیف دینا، مہنگائی کے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

نصیر آباد میں نوجوان کی لاش برآمد، ابتدائی طور پر خودکشی کا شبہ، تحقیقات جاری

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) تھانہ نصیر آباد کے علاقے میں نوجوان کی لاش ملنے کے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں، پانچ افراد گرفتار

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے پانچ ملزمان کو گرفتار کر کے اسلحہ اور ایمونیشن برآمد کر لیا۔ پولیس (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)


مشیر سیاحت ڈاکٹر سرفراز شاہ نشتر ہال میں تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ضمنی انتخابات میں عوام نے مریم نواز کی کارکردگی پر اعتماد کا اظہار کیا، عظمیٰ بخاری

تحریک انصاف نے ان جماعتوں کیساتھ مل کر (ن) لیگ کیخلاف انتخاب لڑا جنہیں ریاست کالعدم قرار دے چکی ہے، وزیر اطلاعات

ضمنی انتخابات میں تشدد اور دہشتگردی کا بیانیہ شکست کھا گیا جبکہ گوجرانوالہ اور چیچہ وطنی میں خدمت اور کارکردگی کا بیانیہ کامیاب ہوا ہے

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا کہ ضمنی انتخابات میں عوام نے مریم نواز کی کارکردگی پر اعتماد کا اظہار کیا، مریم نواز کی عوامی خدمت کے باعث مسلم لیگ (ن) ووٹرز کی پہلی ترجیح بن چکی ہے۔ ضمنی انتخابات میں مسلم لیگ (ن) کے امیدواروں کی کامیابی پر راشد بشیر ورک اور اسد حنیف جٹ کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ضمنی انتخابات میں مسلم لیگ (ن) کے دونوں امیدواروں نے بڑے مارجن سے کامیابی حاصل کی جبکہ دونوں حلقوں میں پارٹی کا مقابلہ متعدد مخالف جماعتوں سے تھا۔ عظمیٰ بخاری نے الزام عائد کیا کہ تحریک انصاف نے ان جماعتوں کے ساتھ مل کر مسلم لیگ (ن) کے خلاف انتخاب لڑا جنہیں ریاست کالعدم قرار دے چکی ہے، ان جماعتوں کی جانب سے نام تبدیل کر کے کھلے عام سیاسی سرگرمیاں جاری رکھنا ریاست کے لیے ایک بڑا امتحان ہے۔ عظمیٰ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)


گورنر سندھ نہال ہاشمی سے پاکستان ایل پی جی مارکیٹرز ایسوسی ایشن کا وفد ملاقات کر رہا ہے

پنجاب میں شدید گرمی کی لہریں غذائی تحفظ کیلئے خطرہ بن گئیں، اقوام متحدہ

یہ خطرہ اربوں افراد کے روزگار کو متاثر کرنے کے ساتھ ساتھ کمزور زرعی برادریوں کو فوری معاشی اور غذائی نقصان پہنچا رہا ہے، رپورٹ

شدید گرمی کے دباؤ کے باعث بڑے جانوروں میں دودھ کی پیداوار کم ہو جاتی ہے، جبکہ چھوٹے مویشیوں میں منہ کھر کی بیماری پھیلنے کے واقعات میں اضافہ ہو رہا ہے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) اقوام متحدہ کے اداروں کی ایک رپورٹ کے مطابق پنجاب کے بارانی دیہی علاقوں میں گرمی کی لہروں کی بڑھتی ہوئی شدت اور تعداد زرعی پیداوار کو متاثر کر رہی ہے، جس کے باعث گھریلو آمدنی میں کمی اور غذائی عدم تحفظ میں اضافہ ہو رہا ہے، اس صورت حال سے بالخصوص خواتین اور کمزور طبقات زیادہ متاثر ہو رہے ہیں۔ یہ جائزہ رپورٹ ٭شدید گرمی اور زراعت٭ اقوام متحدہ کے اداروں فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن اور ورلڈ میٹرولوجیکل آرگنائزیشن نے مشترکہ طور پر جاری کی ہے۔ رپورٹ میں خبردار کیا گیا ہے کہ بڑھتا ہوا درجہ حرارت عالمی غذائی پیداوار کو درپیش سنگین ترین اور فوری خطرات میں سے ایک بن چکا ہے، یہ خطرہ اربوں افراد کے روزگار کو متاثر کرنے کے ساتھ ساتھ کمزور زرعی برادریوں کو فوری معاشی اور غذائی نقصان پہنچا رہا ہے۔ اقوام متحدہ کے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

پاکستان کی اصل طاقت مذہبی و ثقافتی ہم آہنگی میں ہے، حاجی جمیل ضیا

یوم اقبال اور دیوالی محبت، رواداری اور بھائی چارے کا پیغام دیتے ہیں

اقلیتوں کو اپنے عقیدے اور تہوار منانے کا مکمل حق حاصل ہے، ٹاؤن چیئرمین اورنگی ٹاؤن

کراچی (نمائندہ خصوصی) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع غربی کے جنرل سیکرٹری اور ٹاؤن چیئرمین اورنگی ٹاؤن حاجی جمیل ضیا نے یوم اقبال اور دیوالی کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ یہ دونوں مواقع ہمیں اتحاد، بھائی چارے، رواداری اور انسانیت کے احترام کا درس دیتے ہیں۔ یوم اقبال ہمیں علامہ محمد اقبال کی فکر اور فلسفے سے روشنی حاصل کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے، جبکہ دیوالی خوشیوں، محبت اور امید کی روشنی پھیلانے کا تہوار ہے۔ انہوں نے کہا کہ علامہ محمد اقبال نے ایسے معاشرے کا خواب دیکھا تھا جہاں انسان کی عزت، خودداری اور باہمی احترام کو بنیادی اہمیت حاصل ہو۔ پاکستان کی حقیقی طاقت اس کی مذہبی اور ثقافتی ہم آہنگی میں پوشیدہ ہے، جہاں ہر شہری کو اپنے عقیدے کے مطابق زندگی گزارنے اور اپنے مذہبی تہوار خوشی سے منانے کا حق حاصل ہے۔ حاجی جمیل ضیا کا کہنا تھا کہ مذہب اور روایات مختلف ہوسکتی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

چکوال، ڈینگی کے مشتبہ اور تصدیق شدہ کیسز میں اضافے کی اطلاعات، انسداد ڈینگی اقدامات کا مطالبہ

چکوال (سٹی رپورٹر) ضلع چکوال کے شہری اور دیہی علاقوں میں ڈینگی وائرس کے کیسز سامنے آنے کا سلسلہ جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق چکوال شہر اور گرد و نواح کے مختلف علاقوں میں ڈینگی کے مشتبہ اور تصدیق شدہ کیسز رپورٹ ہونے کی اطلاعات ہیں، جبکہ متاثرہ افراد کی تعداد میں اضافے سے محکمہ صحت کی انسداد ڈینگی مہم اور حفاظتی اقدامات کی افادیت پر سوالات اٹھ رہے ہیں۔ عوامی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)


وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد علی کا علامہ اقبال کے مزار پر شرکا کے ہمراہ گروپ فوٹو

ملکی افرادی قوت میں خواتین کی شمولیت تقریباً 24 فیصد ہے، ریحان سعید

خواتین کی معاشی خودمختاری کے لیے تربیت، روزگار اور مالی معاونت میں روابط ضروری ہیں، سی ای او لوریل پاکستان

خواتین کی معاشی شمولیت بڑھانے کیلئے مارکیٹ ضروریات سے ہم آہنگ مہارتوں، کاروباری مواقع تک رسائی ناگزیر ہے، شائستہ پرویز ملک

لاہور (نمائندہ خصوصی) پاکستان کی آبادی کا تقریباً نصف خواتین پر مشتمل ہے تاہم ملکی افرادی قوت میں ان کی شمولیت تقریباً 24 فیصد ہے جسے بڑھانے کی ضرورت ہے۔ خواتین کو معاشی طور پر با اختیار بنانے کے لیے صرف فنی تربیت کافی نہیں بلکہ انہیں روزگار، کاروباری مواقع، رہنمائی اور مالی معاونت تک رسائی فراہم کرنا بھی ضروری ہے۔ ان خیالات کا اظہار لوریل پاکستان کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ریحان سعید نے سسٹین ایبل ڈویلپمنٹ پالیسی انسٹی ٹیوٹ کے زیر اہتمام 29 ویں پائیدار ترقی کانفرنس میں خواتین کی مہارتوں اور روزگار کے مواقع سے متعلق ایک نشست کے دوران کیا۔ ریحان سعید نے کہا کہ خواتین کی مہارتوں میں اضافے کے پروگرام اس وقت زیادہ موثر ثابت ہوتے ہیں جب انہیں روزگار، کاروباری رہنمائی اور مالی معاونت سے منسلک کیا جائے۔ نشست کی صدارت رکن قومی اسمبلی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

CamScanner